| 69. | Mr. Khadim Hussain | " | " | " | " |
| 70. | Mr. Iftikhar Hussain | " | " | " | " |
| 71. | Mr. Bashir Ahmed | " | " | " | " |
| 72. | Mr. Faqir Muhammad | " | " | " | " |

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 73. | Mr. Muhammad Elahi | Islamabad | B | C | Relaxation of Rules of PAR, 1971. |
| 74. | Mr. Tehzeeb Hussain | " | " | " | |
| 75. | Mr. Abdul Waheed | " | " | " | |
| 76. | Mr. Muhammad Aftab | " | " | " | |
| 77. | Mr. Ghulam Sarwar | " | " | " | " |
| 78. | Mr. Anwar Hussain | " | " | " | " |
| 79. | Mr. Mazhar Hussain | " | " | " | " |
| 80. | Mr. Ghulam Akbar | " | " | " | " |
| 81. | Mst. Sarwar Jhon | " | " | " | " |
| 82. | Mr. Muhammad Iqbal | " | " | " | " |
| 83. | Mr. Shaukat Sadiq | " | " | " | " |
| 84. | Mr. Sahib Khan | " | " | " | " |
| 85. | Mr. Muhammad Saeed | " | " | " | " |
| 86. | Mr. Ayaz | " | " | " | " |
| 87. | Syed Intizar Hussain | " | " | " | " |
| 88. | Mr. Muhammad Jamil | " | " | " | " |
| 89. | Mr. Wasim Bari | " | " | " | " |
| 90. | Mr. Ejaz Haider | " | " | " | " |
| 91. | Mr. Muhammad Salim | " | " | " | " |
| 92. | Mr. Alaf Din | " | " | " | " |
| 93. | Mr. Abbas Ali | " | " | " | " |
| 94. | Mr. Hafiz Muhammad | " | " | " | " |
| 95. | Mst. Taslim Kauser | " | " | " | " |
| 96. | Mr. Muhammad Abdullah | " | " | " | " |
| 97. | Mr. Shakeel Ahmed | " | " | " | " |
| 98. | Mst. Salim Begum | " | " | " | " |
| 99. | Mr. Muhammad Riaz | " | " | " | " |
| 100. | Mr. Ayaz Ahmed | " | " | " | " |
| 101. | Mr. Javed Akhtar | " | " | " | " |
| 102. | Mr. Abdul Rashid | " | " | " | " |
| 103. | Mr. Ishtiaq Ahmed | " | " | " | " |
| 104. | Mr. Qazi Ghulam | " | " | " | " |
| 105. | Mr. Abdul Aziz | " | " | " | " |
| 106. | Mr. Muhammad Sarwar | " | " | " | " |
| 107. | Mr. Noor Ahmed | " | " | " | " |
| 108. | Mr. Muhammad Rafiq | " | " | " | " |
| 109. | Mr. M. Nasim | " | " | " | " |
| 110. | Mr. Muhammad Javed | " | " | " | " |
| 111. | Mr. Maqsood Alam | " | " | " | " |
| 112. | Mr. Shamrez | " | " | " | " |
| 113. | Mr. Muhammad Elahi | " | " | " | " |
| 114. | Mr. M. Faqir | " | " | " | " |

[Mir Hazar Khan Bijarani]

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 115. | Mr. M. Akhtar | Islamabad | B | C | Relaxation of Rules of PAR, 1971. |
| 116. | Mr. M. Muzaffar | ,, | ,, | ,, | |
| 117. | Mr. Ghulam Akbar | ,, | ,, | ,, | |
| 118. | Mr. Fazar Qadir | ,, | ,, | ,, | |
| 119. | Mr. Muhammad Akhtar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 120. | Syed Khalil | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 121. | Mr. Muhammad Ayub | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 122. | Mr. Muhammad Iftikhar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 123. | Mr. Muhammad Fayyaz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 124. | Mr. Muhammad Afzal | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 125. | Miss Negmana Sher | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 126. | Mr. Pervez Iqbal | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 127. | Mr. Iftikhar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 128. | Mr. Allah Dita | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 129. | Mr. Khalil-uz-Zaman | ,, | A | C | ,, |
| 130. | Mr. Muhammad Asghar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 131. | Mr. Jehanzeb | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 132. | Mr. Illouddin | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 133. | Mr. Tawakl | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 134. | Mr. Amir Taj Ali | ,, | B | C | ,, |
| 135. | Mr. Zarwab | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 136. | Mr. Muhammad Hanif | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 137. | Mr. Sabiul Hassan | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 138. | Mr. Muhammad Iefan | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 139. | Mr. Muhammad Arif | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 140. | Mr. Muhammad Yousuf | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 141. | Mr. S.M.H. Farrakh | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 142. | Mr. Muhammad Imran | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 143. | Mr. Saeed Afzal | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 144 | Mr. Asghar Ali | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 145. | Mr. S. Mumtaz Nasir | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 146. | Mr. Muhammad Rafiq | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 147. | Mr. S. Ali Jaffar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 148. | Mr. Tariq Mahmood | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 149. | Mr. Muhammad Ismail | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 150. | Mr. Nasir Nabi | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 151. | Mr. Tariq Hussain | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 152. | Mr. Sharaz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 153. | Mr. Muhammad Ihtiaz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 154. | Mr. Muhammad Rashid | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 155. | Mr. Arshad Mahmood | ,, | ,, | ,, | ,, |

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 156. | Mr. Muhammad Aslam | Islamabad | B | C | Relaxation of Rules of PAR, 1971. |
| 157. | Mr. Abdul Waheed | ” | ” | ” | |
| 158. | Mr. Khalid Mahmood | ” | ” | ” | |
| 159. | Mr. Zafar Iqbal | ” | ” | ” | |
| 160. | Miss. Rizvana Jalil | ” | ” | ” | ” |
| 161. | Mr. Abdul Fiakaullah | ” | ” | ” | ” |
| 162. | Miss. Rehana Saqi | ” | ” | ” | ” |
| 163. | Mr. Muhammad Aslam | ” | C | D | ” |
| 164. | Mr. Matiur Rehman | ” | ” | ” | ” |
| 165. | Mr. Inwar-ul-Islam | ” | ” | ” | ” |
| 166. | Mr. Shimullah | ” | ” | ” | ” |
| 167. | Mrs. Fahmeda | ” | ” | ” | ” |
| 168. | Mr. Kifatullah | ” | ” | ” | ” |
| 169. | Mr. Iftikhar Hussain | ” | ” | ” | ” |
| 170. | Miss. Kausar Parveen | ” | ” | ” | ” |
| 171. | Mst. Sabia Shaheen | ” | ” | ” | ” |
| 172. | Mr. Salman Haider | ” | ” | ” | ” |
| 173. | Mr. Abdul Munum | ” | B | C | ” |
| 174. | Syed Jawaid Azhar | ” | ” | ” | ” |
| 175. | Mst. Khurshid Aziz | ” | ” | ” | ” |
| 176. | Mr. Abu Zafar Sadiq | ” | ” | ” | ” |
| 177. | Mr. Tariq Mahmood | ” | ” | ” | ” |
| 178. | Miss. Kalsoom Barlas | ” | ” | ” | ” |
| 179. | Mr. Khaliquddin | ” | ” | ” | ” |
| 180. | Mr. Shaujaat Ali | ” | ” | ” | ” |
| 181. | Mr. Khalid Mahmood | ” | ” | ” | ” |
| 182. | Mr. Muhammad Tahir | ” | ” | ” | ” |
| 183. | Syed Zahid Hussain | ” | ” | ” | ” |
| 184. | Mr. Muhammad Anwar | ” | ” | ” | ” |
| 185. | Mr. Allauddin | ” | ” | ” | ” |
| 186. | Miss. Fozia Siraj | ” | ” | ” | ” |
| 187. | Mr. Muhammad Ali | ” | ” | ” | ” |
| 188. | Mr. Saeed Akhtar | ” | ” | ” | ” |
| 189. | Mr. Lal Khan | ” | B | D | ” |
| 190. | Miss. Afshan Sattar | ” | D | E | ” |
| 191. | Mr. Muhammad Abbas | ” | ” | ” | ” |
| 192. | Mr. Muhammad Ramzan | ” | ” | ” | ” |
| 193. | Mr. Muhammad Sabir | ” | ” | ” | ” |
| 194. | Mr. Muhammad Hussain | ” | ” | ” | ” |
| 195. | Mr. Naseeruddin Ahmed | ” | ” | ” | ” |
| 196. | Syed Waqar Yousuf | ” | ” | ” | ” |

[Mir Hazar Khan Bijarani]

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 197. | Mr. Sultan Muhammad | Islamabad | D | E | Relaxation of Rules of PAR, 1971. |
| 198. | Mr. M. Farooq Ahmed | ,, | ,, | ,, | |
| 199. | Mr. Shabbir Ahmad | ,, | ,, | ,, | |
| 200. | Mr. Abdul Karim | ,, | ,, | ,, | |
| 201. | Mr. Muhammad Arshad | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 202. | Mr. Irfan Hassan | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 203. | Mr. S.M. Abdullah | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 204. | Mr. Aftab Alam | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 205. | Mr. Masud Aslam | ,, | B | C | ,, |
| 206. | Mr. Moinuddin Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 207. | Mr. Iftikhar Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 208. | Mr. Rana Sarfaraz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 209. | Mr. Mudassar Iqbal | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 210. | Mrs. Rana Asad | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 211. | Mr. Muhammad Aziz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 212. | Mr. Muhammad Amin | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 213. | Mr. Faheem Ahmad | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 214. | Mr. Wasim Akhtar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 215. | Mr. M. Irfan | ,, | C | B | ,, |
| 216. | Mrs. Khalida Saeed | ,, | D | E | ,, |
| 217. | Mr. Muhammad Yasin | ,, | D | E | ,, |
| 218. | Mr. M. Akram | ,, | C | E | ,, |
| 219. | Mr. M.A. Khan | ,, | D | E | ,, |
| 220. | Mr. Muhammad Arif | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 221. | Mr. Sabir Zaman | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 222. | Miss. Hamida Khatoon | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 223. | Mr. Muhammad Rashid | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 224. | Mr. M. Arshid Majid | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 225. | Mr. Muhammad Akhtar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 226. | Miss Fareha Sultana | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 227. | Syed Qabal Shah | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 228. | Mr. Sharafat Ali | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 229. | Mr. Naseem Khalid | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 230. | Miss. Bushra Yasin | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 231. | Mr. M. Ata-ur-Rehman | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 232. | Mrs. Saeema Jamil | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 233. | Mr. Zulfiqar Ali | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 234. | Mr. Shahid Mobashar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 235. | Mr. Anwar Baig | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 236. | Mr. Shaukatullah | ,, | D | Cat. III | ,, |
| 237. | Mirza Ali | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 238. | Mr. Abdul Matin | ,, | ,, | ,, | ,, |

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 239. | Mr. Muhammad Rafaqat | Islamabad | D | Cat. III. | Relaxation |
| 240. | Mr. Said Ahmed Tawqer | " | " | " | of Rules |
| 241. | Mr. M. Khan Jasra | " | " | " | of PAR, |
| 242. | Mr. Muhammad Ajmal | " | " | " | 1971. |
| 243. | Mr. Irfan Rashid | " | " | " | " |
| 244. | Mr. Mahboob Alam | " | " | " | " |
| 245. | Mr. Atiyatul Hussain | " | " | " | " |
| 246. | Syed Salman | " | " | " | " |
| 247. | Mr. Shaid Hamid | " | " | " | " |
| 248. | Mrs. Rakhsana Arshad | " | D | Cat. II. | " |
| 249. | Mr. Sultan Hamid | " | " | " | " |
| 250. | Mr. Abdul Mustann | " | " | " | " |
| 251. | Mr. Ghulam Nabi | " | " | " | " |
| 252. | Mrs. Shaheen Iqbal | " | " | " | " |
| 253. | Mr. Zaheer Ahmed | " | " | " | " |
| 254. | Mr. Muhammad Riaz | " | " | " | " |
| 255. | Mr. Muhammad Yasin | " | " | " | " |
| 256. | Mr. S. Nabi Iqbal | " | " | " | " |
| 257. | Mr. M. Tariq Pervaz | " | " | " | " |
| 258. | Mr. Mukhtar Abbas | " | " | " | " |
| 259. | Mr. Abdullah Khan | " | " | " | " |
| 260. | Mr. Nasir Mahmood | " | " | " | " |
| 261. | Mr. Khairullah | " | " | " | " |
| 262. | Mr. Hafiz Noor Ahmed | " | " | " | " |
| 263. | Mrs. Amjadi Khatoon | " | " | " | " |
| 264. | Syed Arab | " | " | " | " |
| 265. | Mrs. Riaz Begum | " | " | " | " |
| 266. | Mr. Muhammad Saeed | " | " | " | " |
| 267. | Mrs. Abida Khatoon | " | B | Cat. III | " |
| 268. | Mr. Hasan Abbas | " | E | F | " |
| 269. | Mr. Javed Habib | " | " | " | " |
| 270. | Mr. Sohaib Bashir | " | " | " | " |
| 271. | Mian Ali Muhammad | " | " | " | " |
| 272. | Mr. Muhammad Jamil | " | " | " | " |
| 273. | Mr. Muhammad Iqbal | " | " | " | " |
| 274. | Mrs. Nusarat Sikandar | " | " | " | " |
| 275. | Mr. Muhammad Azam | " | " | " | " |
| 276. | Mr. Shahzad Ahmed | " | " | " | " |
| 277. | Mian Muazam | " | F | Cat. II. | " |
| 278. | Mr. S.M. Tahir | " | " | G | " |
| 279. | Dr. Muhammad Wajid | " | " | Cat. II. | " |

[Mir Hazar Khan Bijarani]

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 280. | Mr. M. Shaban | Islamabad | F | Cat. II | Relaxation of Rules of PAR, 1971. |
| 281. | Mr. Aziz-ur-Rehman | ,, | ,, | ,, | |
| 282. | Mr. Muhammad Irshad | ,, | ,, | ,, | |
| 283. | Mr. Zafar Hussain | ,, | ,, | ,, | |
| 284. | Qari Younas | ,, | E | Cat. II. | ,, |
| 285. | Mr. S. Shabir Ahmed | ,, | F | Cat. II. | ,, |
| 286. | Mr. Muhammad Yamin | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 287. | Mr. Mansoor Muzafar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 288. | Mr. Shahnawaz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 289. | Mr. Fazal Elahi | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 290. | Mr. Akhtar Aman | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 291. | Mr. Naveed Salimi | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 292. | Mr. Mossa Raza | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 293. | Mr. Jehandad | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 294. | Dr. Ziatoon | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 295. | Mr. Bashir Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 296. | Mrs. Shahida Waseem | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 297. | Mr. Fazul-ur Rehman | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 298. | Sharafat Hussain | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 299. | Miss. Mehboob Hashmi | ,, | B | C | ,, |
| 300. | Mr. M.B. Awan | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 301. | Mr. Mehr Sher | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 302. | Dr. Zafar Naeem | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 303. | Mr. Rahat Zafar | ,, | ,, | G | ,, |
| 304. | Mr. Najmuddin | ,, | ,, | G | ,, |
| 305. | Mr. Khurshid Ahmed | ,, | E | Cat. II. | ,, |
| 306. | Mr. Rashid Ahmed | ,, | F | ,, | ,, |
| 307. | Mr. Iftikhar Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 308. | Mr. S. Mazher Hussain | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 309. | Mr. Ashiq Hussain | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 310. | Mr. Sultan Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 311. | Mr. Manzoor Ali | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 312. | Mr. S. Waheed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 313. | Mr. Javed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 314. | Dr. Nazar Hussain | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 315. | Dr. Gul Muhammad | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 316. | Mr. Zainul Abadin | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 317. | Mr. S. Tanveer Ahmed | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 318. | Mr. Amir Nawaz | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 319. | Mr. M.R. Ayubi | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 320. | Mr. Khalid Nasir | ,, | E | G | ,, |

| I | II | III | IV | V | VI |
|---|---|---|---|---|---|
| 321. | Mr. Shabaz | Islamabad | F | G | Relaxation |
| 322. | Mr. Iftikhar Aziz | ,, | E | Cat. II. | of Rules |
| 323. | Mr. Abdul Majid | ,, | E | Cat. II. | of PAR, |
| 324. | Miss. Niseema Mazher | ,, | F | Cat. II. | 1971. |
| 325. | Mr. Muhammad Riaz | ,, | G | H | ,, |
| 326. | Dr. Rashid Ahmed | ,, | G | H | ,, |
| 327. | Mr. Sajid Hussain | ,, | G | H | ,, |
| 328. | Mian Tayyab Hussain | ,, | H | I | ,, |
| 329. | Mr. S. Samiullah | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 330. | Mr. A. Rehman | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 331. | Mr. Nasir Ali | ,, | B | C | |
| 332. | Khawaja Ijaz Sarwar | ,, | ,, | ,, | |
| 333. | Mr. M. Arif Saeed | Karachi. | C | D | |
| 334. | Mr. Abdus Shaheed | ,, | B | C | |
| 335. | Mr. A. Sattar | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 336. | Miss Farida Sultana | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 337. | Mr. Imamuddin | ,, | A | B | ,, |
| 338. | Mr. Arshad Mahmood | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 339. | Mr. Sultan Sikandar | R'pindi. | ,, | ,, | ,, |
| 340. | Mr. Abdul Rahim | ,, | ,, | ,, | ,, |
| 341. | Mr. Muhammad Yaqub | ,, | ,, | ,, | ,, |

[Quarters allotted two categories above entitlement of the Officials are given at Sl. No. 129, 189, 215, 218, 267, 284, 303, 305, 320 and 323.]

Mr. Chairman : Supplementary question? No.

This brings us to the end of Question Hour.

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : جناب سید افتخار علی بخاری نے اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۱ اگست کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب احمد میاں سومرو نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۱۱ تا ۱۵ اگست رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب حق اے شیخ صاحب اپنی ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۳۱ جولائی تا ۴ اگست شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب محمد سعید قریشی نے اپنی نجی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۷ تا ۱۲ اگست رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب ڈاکٹر بشارت الٰہی نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر......

ڈاکٹر بشارت الٰہی : سر میں آگیا ہوں۔ مجھے آج کی رخصت درکار تھی مگر آگیا ہوں لہٰذا میں withdraw کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : اچھا آج کے لئے application withdrawn

جناب محمد مختار احمد خان اپنی بیٹی کی عیادت کے لئے امریکہ تشریف لے جا رہے ہیں لہٰذا انہوں نے ۱۱ اگست تا اختتام حالیہ اجلاس

رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب پروفیسر خورشید احمد چند ضروری امور کی انجام دہی کے سلسلے میں برطانیہ میں قیام پذیر ہیں اس لئے انہوں نے ایوان سے مزید ۱۵ / اگست تا ۳۰ / اگست رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب جاوید جبار صاحب نے ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۱۱ / اگست کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور کرتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین : جناب الٰہی بخش سومرو صاحب وزیر برائے اطلاعات و نشریات پانی و بجلی اطلاع دیتے ہیں کہ ایک ضروری کام کی وجہ سے ایوان میں ۱۱ / اگست کو شرکت نہیں کر سکیں گے۔

---

Mr. Chairman : Before we take up the other adjustment motion. I have an announcement to make.

"In pursuance of the decision taken by the House in its sitting of 4th August, 1988, authorising the Chair to form a special committee of the Senate to investigate into the law and order situation in Sindh and, in the light of the Debate on the relevant motion, to draw up its terms of reference, I am pleased to make the following announcement:

[Mr. Chairman]

The special committee will consist of the following Members :

| | | |
|---|---|---|
| BALUCHISTAN : | 1. | Nawabzada Jehangir Shah Jogezai |
| | 2. | Mr. Hussain Bukhsh Bangulzai |
| NWFP : | 1. | Mr. Muhammad Ali Khan |
| | 2. | Akhunzada Behrawar Saeed |
| PUNJAB : | 1. | Amir Abdullah Khan Rokri |
| | 2. | Mr. Muhammad Tariq Chaudhry. |
| SINDH: | 1. | Mr. Ahmedmian Soomro. |
| | 2. | Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi. |
| | 3. | Mr. Javed Jabbar. |
| | 4. | Prof. Khurshid Ahmed. |

The terms of reference of the committee will be as follows :

(1) Study the socio-political situation in Sindh.

(2) Analyse the nature of the prevalent unrest and the general worsening of the law and order situation in the Province, manifesting itself in periodic incidents of large scale rioting, arson and violence, particularly in the urban centres.

(3) Identify the underlying causes of the prevalent state of affairs and the factors which feed and keep the social tensions alive.

(4) Hold consultations with leaders of all shades of public opinion and political leanings in the Province and ascertain their views and suggestions, as also solicit their help and cooperation in establishing peaceful conditions on an enduring basis.

(5) Meet other prominent citizens and administrative authorities both at the Provincial and local levels exploring with their help public grievences and local problems of general importance and seeking their views on how best to resolve them.

In the light of its studies and analysis, the committee will prepare a report for consideration of the Senate recommending specific measures which in its opinion will create better understanding among various sections of the people of Sindh, instil in them a sense of belonging and togetherness and restore once again the erstwhile conditions of peace and amity for which the Province was known in the past.

Mr. Ahmedmian Soomro will act as Chairman and convenor of the committee.

The Minister for Interior will be an ex-officio Member of the committee.

The committee will submit its report within two months"

Thank you.

## ADJOURNMENT MOTIONS

**Mr. Chairman :** Now Adjournment Motions—Mir Sohrab Khan Khoso.

## ADJOURNMENT MOTION *RE:* REPORTED SMUGGLING OF HEROIN THROUGH P.N. SHIP

**میر سہراب خان کھوسو :** میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینٹ کی معمول کی کارروائی روک کر اس قومی اہمیت کے حالیہ واقع پر ایوان کو بحث کا موقع دیا جائے - روزنامہ مسلم، اسلام آباد ۱۵ اگست ۱۹۸۸ء کی خبر ہے کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن کے جہاز سے تقریباً سات کلو گرام ہیروئن پکڑی گئی ہے جس کے لئے امریکہ کسٹمز نے اس پر تین لاکھ ڈالر کا جرمانہ کیا ہے لہذا اس قومی اہمیت کے واقعہ پر ایوان میں بحث کی جائے -

**Mr. Chairman :** Is it being opposed? Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak.

**Mr. Muhammad Aslam Khan Khattak :** I have no objection to the things being discussed, Sir, and I would like to make a statement whenever you want me to do so.

**Mr. Chairman :** Right.

There was a similar adjournment motion which came before the House on the 5th of February, 1986. The allegations there again were that a series of incidents had taken place involving smuggling of heroin by crew member of PN ships have been

[Mr. Chairman]

reported. That motion was also held in order and I am glad that the Minister has agreed to holding a discussion on this. The motion is held in order and we will fix a separate date for its discussion.

Thank you.

## ORDINANCE LAID ON THE TABLE OF THE HOUSE.

**Mr. Chairman :** Next item No. 3, Mr. Wasim Sajjad.

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, with your permission I beg to lay before the Senate the following Ordinances as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan :—

(1) The Delimitation of Constituencies (Amendment) Ordinance, 1988 (IV of 1988).

(2) The Transfer of Managed Establishments (Amendment) Ordinance, 1988 (V of 1988).

**Mr. Chairman :** The following Ordinances as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan have been laid on the Table of the House :

(1) The Delimitation of Constituencies (Amendment) Ordinance, 1988 (IV of 1988).

(2) The Transfer of Managed Establishments (Amendment) Ordinance, 1988 (V of 1988).

## DISCUSSION ON THE ENFORCEMENT OF SHARIAH ORDINANCE 1988.

**Mr. Chairman :** Next item No. 4. Further discussion on the following motion moved by Mr. Wasim Sajjad, Minister for Justice and Parliamentary Affairs on 21st July, 1988 :—

"That the House may discuss the situation arising out of the promulgation of the Enforcement of Shariah Ordinance, 1988, with reference to its objects and reasons".

شریعت بل پر جو ڈسکشن شروع ہوئی تھی۔ اس کو ہم ختم نہیں کر سکے تھے۔ آج دوبارہ اس کا آغاز کرتے ہیں۔ پہلا نام جو میرے پاس آیا ہے وہ اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب کا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم ۔ جناب چیئرمین صاحب ! موجودہ آرڈیننس انفورسمنٹ آف شریعہ زیر بحث ہے ۔ میری نظر میں یہ پورے اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے ایک اور قدم ہے اس آرڈیننس کو بار بار پڑھنے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ اس آرڈیننس کی جو دفعات ہیں ان پر بحث کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کی جو preamble ہے یعنی Objectives Resolution and State Policy جب اس کو ہم غور سے پڑھتے ہیں تو اس میں ۲۲ نکات کا نچوڑ اس کے اندر سمو دیا گیا ہے ۔ اس میں وہ ساری چیزیں شامل ہیں جو کہ ایک اسلامی نظام میں ہونی چاہئیں ۔ جناب عالی ! میری نظر میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لئے چند راہنما اصول ہیں ۔ (۱) تعلیم اور نصاب تعلیم ۔ (۲) قانون اور عدالتیں وغیرہ (۳) سیاست (۴) احتساب ۔ اس آرڈیننس میں تعلیم کے لئے شق ۹ کی رو سے ایک کمیشن کے قیام کا ذکر کیا گیا ہے اور مجھے بڑی خوشی ہے کہ صدر مملکت نے وہ کمیشن قائم کر دیا ہے جو کہ ایک سال کے اندر اندر اپنی پوری تفصیلی سفارشات پیش کرے گا نصاب تعلیم کے متعلق یا تعلیمی پالیسی کے متعلق میں یہی کہوں گا جناب عالی ! کہ یہ اسلام کے نفاذ کے لئے بہت ہی اہمیت کی حامل ہے ۔ تعلیم یا علم پر جتنا زور اسلام نے دیا ہے ۔ اور جتنی اہمیت اسلام نے دی ہے

[Akhunzada Behrawar Saeed]

شاید ہی کسی اور مذہب نے دی ہو۔ مثال کے طور پر جب حضرت جبرائیل علیہ السلام پہلے حضور کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں "پڑھ"۔ اس سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کو جو فوقیت فرشتوں پر دی گئی ہے وہ بھی اسی لئے کہ انہوں نے ان اشیاء کے نام بتائے جو فرشتوں کے علم میں نہیں تھے۔ اور پھر سورہ رحمان میں ہے کہ الرّحمن ہ علم القرآن ہ خلق الانسان ہ علمہ البیان۔ پھر جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث شریف ہے۔ "کہ علم حاصل کرو۔ چاہے تمہیں اس کے لئے چین جانا پڑے" اب یہ علم کی اصطلاح بہت وسیع ہے اس میں وہ سارے علوم آتے ہیں جن کا دنیاوی اور اخروی زندگی کے ساتھ تعلق ہے۔

جناب عالی! اسلام وہ واحد مذہب ہے جس میں رہبانیت نہیں ہے۔ اور علم کسی کا ٹھیکہ نہیں ہے اس کا حصول ہر ایک مسلمان کا حق بلکہ ہر مسلمان پر فرض ہے۔ اب یہ دیکھنا چاہیئے کہ جو موجودہ نظام اس وقت چل رہا ہے۔ اس میں کتنی خرابیاں ہیں۔ ان خرابیوں کو کیسے دور کیا جا سکتا ہے۔ یہ کمیشن کا کام ہے مگر میں دو چیزوں کی نشاندھی کروں گا کہ کمیشن کو اس مسئلے کی طرف توجہ دینی چاہیئے کہ جو مختلف سکول بننے شروع ہو گئے ہیں۔ آج انگلینڈ سکول، امریکن سکول ہیں جہاں انگلش میڈیم میں تعلیم دی جاتی ہے یہ سکول مشن سکول ہیں۔ اردو میڈیم سکولوں میں جو بچے پڑھتے ہیں اور ان انگلش میڈیم سکولوں میں جو پڑھتے ہیں ان

میں بہت فرق ہے۔ اس طریقۂ تعلیم کی اجازت دینا میں سمجھتا ہوں اسلام کی روح کو مجروح کرنا ہے۔ اب یہ دیکھا گیا ہے۔ ہم اس ایوان میں بھی دیکھتے ہیں کہ بعض ہمارے دوست پسند فرماتے ہیں کہ وہ اردو کی بجائے انگریزی میں بولیں، شاید وہ انگریزی اسکول میں پڑھے ہوئے ہوں میری گزارش یہ ہوگی کہ ان سکولوں کی categorization کو ختم کیا جائے۔ اور دوسرا چیز تعلیم دینے والے، یعنی اساتذہ کی طرف خاص توجہ دیں کہ وہ کتنے کوالیفائڈ ہیں۔ ان کو کتنی مراعات حاصل ہیں۔ ان کو کتنے تحفظات حاصل ہیں۔ اور اس کے بعد اس سے کتنے کام کی توقع کی جاتی ہے۔ میں نے اس سے پہلے بھی آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانے کی کوشش کی تھی کہ MNA's کو MPA's کو سکولوں میں ملازمت کے لئے کوٹے دیئے جاتے ہیں اور ان کوٹوں کو اس بری طرح سے استعمال کیا گیا ہے کہ میٹرک فیل تھرڈ ڈویژن مڈل پاس لوگوں کو سکولوں میں معلم بھرتی کیا گیا ہے۔ اور اس طرح ایسی situation پیدا ہو گئی تھی ...... میں نے یہ بات پہلے بھی سنائی تھی۔ دہرانے کی جسارت کرتا ہوں۔ تین اساتذہ سے ایک دن میں نے سوال کیا کہ ڈیڑھ مالٹا ڈیڑھ روپیہ میں آتا ہے تو ساڑھے سات مالٹوں کی قیمت کیا ہو گی۔ ایک کہتا ہے یہ سود در سود کا سوال ہے۔ دوسرا کہتا ہے یہ بہت ہائی سٹینڈرڈ کا سوال ہے۔ یہ ہماری سمجھ میں نہیں آتا۔ تیسرا کہتا ہے یہ ہٹوں کا سوال

[Akhunzada Behrawar Saeed]

ہے۔ اب اسکول کے وہ اساتذہ جو کسی کے کوٹے پر بھرتی ہو گئے تھے وہ اس سوال کو تو حل نہیں کر سکتے پھر وہ بچوں کو کیا تعلیم دیں گے۔ اس لئے میں کمیشن کے اراکین کی توجہ اس طرف مبذول کرانے کی کوشش کروں گا کہ وہ ایسے اساتذہ کا نوٹس لے اور ان کے خلاف اگر اقدام کرنے کی ضرورت پیش آئے تو اس میں پس و پیش نہ کرے۔

جناب والا! دوسری چیز قانون ہے، یہ صحیح ہے کہ اس آرڈیننس میں ایک دفعہ ۴ ہے جس میں طریقۂ کار درج ہے یہ اچھا طریقہ ہے، صحیح طریقہ ہے کہ عدالتوں کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ جب کوئی ایسا مسئلہ پیدا ہو جس میں یہ سوال اٹھے کہ یہ مسئلہ شریعت کے قوانین کے ساتھ ٹکراتا ہے اس کو ہائی کورٹ میں اور اگر دوسری قسم کا ہو تو فیڈرل شریعت کورٹ میں refer کریں اور ان کو فیصلہ کرنے کی ۶۰ دن کی مہلت دی گئی ہے مگر آگے جا کر ایک چیز کی وضاحت کے لئے میں وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ یہاں تو آپ نے ۶۰ دن کی میعاد مقرر کی ہے صحیح کیا ہے، اپیل کے لئے بھی آپ نے عوام کے لئے ایک میعاد مقرر کی ہے، مگر گورنمنٹ کے لئے ۶ مہینے یا اس سے بھی زیادہ مقرر کی ہے یہ صحیح نہیں ہے، بلکہ سپریم کورٹ کا فیصلہ تو اب بھی یہی ہے کہ گورنمنٹ کے لئے جو میعاد مقرر ہے وہ مساوات کی بنا پر مقرر ہے اور اس میں کسی طرح بھی توسیع نہیں کی جاتی پرائیویٹ کو وہ condone کی جاتی ہے، مگر

گورنمنٹ کے کیس میں اس میں توسیع نہیں کی جاتی اور پھر میں وزیر صاحب کی توجہ اس طرف دلاؤں گا کہ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے اگلے آرڈیننس میں جو انشاءاللہ تین مہینے کے بعد آئے گا۔ اپیل کے فیصلے کی میعاد بھی مقرر کی جائے، اپیل کے فیصلے کی اگر میعاد مقرر نہ کی جائے تو پھر یہ معاملہ اس طرح سے ہوگا جیسا اب ہے اور پھر وہی میں کہوں گا کہ فقہ وکٹوریہ والی بات ہوگی کہ جہاں مسئلے کو ختم کرنے کے لئے کسی نے کہا ہے قارون کے خزانے، نوح علیہ السلام کی عمر اور ایوب علیہ السلام کا صبر چاہیئے اور اگر یہ تینوں بھی میسر ہو تو پھر بھی انصاف عنقا ہے چنانچہ اس سلسلے میں اگلے آرڈیننس میں اگر اپیل کے فیصلے کی میعاد مقرر کی جائے تو یہ بہتر ہوگا۔

<u>قاضی عبداللطیف :</u> ہمارے محترم اخونزادہ صاحب آرڈیننس کے متعلق خصوصی دفعات کا تذکرہ کر رہے ہیں لیکن ہمارے وزیر عدل صاحب اس کا کوئی نوٹس نہیں لے رہے تو ان کی تقریر کا کوئی فائدہ نہیں ہے اور وہ جو اس کے اندر تجاویز پیش کر رہے ہیں ان کو عملی جامہ پہنانے کا ان کا کوئی ارادہ نہیں ہے تو میرا خیال ہے بحث بیکار ہی رہے گی۔

<u>جناب چیئرمین :</u> میرا خیال ہے یہ ایک مفروضہ ہے، وزیر صاحب سن رہے ہیں۔

قاضی عبداللطیف : وزیر صاحب اپنی بات چیت کر رہے تھے انہوں نے سنا ہی نہیں کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین : دونوں کام ہو سکتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : جناب میرے دو کان ہیں ایک سے میں یہ سن رہا تھا ایک سے میں وہ سن رہا تھا۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : شکریہ جناب! میں قانون کے دائرے میں اس آرڈیننس کی چند دفعات کا ذکر کر رہا تھا، جناب والا! اسلام میں قانون کی جو قدر ہے اور اس سے بڑھ کر احسان کی قدر ہے۔ انصاف بھی ہو اور انصاف کے علاوہ احسان بھی ہو لیکن اس کے لئے وہ معاشرہ کہاں سے آئے گا جو خلفائے راشدین کے دور میں تھا جو ایک ہجری سے ۴۱ ہجری تک تھا۔ اب میں یہ عرض کروں گا کہ اس آرڈیننس نے ایک فائدہ ضرور ان جماعتوں کو دیا جو اپنے آپ کو مذہبی جماعتیں کہلاتی ہیں کہ اب تو شریعت کافی حد تک نافذ ہو گئی ہے۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اب عوام میں پھیل جائیں ترغیب سے، تبلیغ سے کام لے کر وہ عوام کو اس کے لئے تیار کریں کہ اس قانون پر جو کہ ان پر نافذ ہونے والا ہے اور آئندہ جو قوانین نافذ ہوں گے وہ ان پر عمل درآمد کریں۔

جناب والا! تیسری چیز اس میں سیاست ہے اور سیاست اسلام کی نظر میں دین سے الگ نہیں ہے۔ اسلام صرف ایک

مذہب نہیں ہے یہ ایک دین ہے۔ یہ اس دنیا میں انسان کی ساری زندگی پر محیط ہے۔ انسان کی زندگی کے جتنے مسائل ہیں ان کا حل اس میں موجود ہے اور اگر ہم اس جگہ یہ کہیں گے کہ موجود نہیں ہے تو میں یہ کہوں گا کہ ہم سمجھ نہیں سکے کہ قرآن اس کے متعلق کیا کہتا ہے یہ ہمارے سمجھنے کی بات ہے ورنہ قرآن مکمل ہے جناب والا! سیاست میں ساری چیزیں آجاتی ہیں اور پھر خاص کر اس آرڈیننس میں Injunctions of Islam کا ذکر کیا گیا ہے۔ قرآن اور سنت کے مطابق تو وہ اقدامات کرنے چاہئیں کہ جن سے انصاف سستا اور جلدی مہیا ہو۔ کیسے ہو؟ یہ اتنا مشکل کام نہیں ہے اگر وزیر قانون چاہیں تو اس کے لئے ضابطے بنا سکتے ہیں اور میں ایک ہی تجویز وزیر صاحب کو عرض کروں گا، وزیر صاحب خود بھی وکیل ہیں، میں بھی کم سہی، مگر وکیل ہوں، ضابطۂ فوجداری اور ضابطۂ دیوانی جس کو میں پھر کہوں گا "فقہ وکٹوریہ" جب تک اس قانون میں موجود ہے ہمارے قانونی مسائل حل نہیں ہو سکتے اس کی منسوخی آپ کی توجہ کی محتاج ہے، آپ بھی جانتے ہیں، میں بھی جانتا ہوں کہ دیوانی مقدمہ۔ وہ کہتے ہیں کہ دیوانی مقدمے میں، اس طریق کار کے تحت جو جیتا وہ ہارا اور جو ہارا وہ مرا۔ اس میں بڑی طوالت، بڑی complications اور بڑی الجھنیں ہیں ان کو اگر دور کیا جائے تو کوئی مشکل نہیں ہے۔ جب مغلیہ خاندان کی حکومت تھی اس وقت یہ قانون نہیں تھا۔ جب انگریز آیا اس وقت بھی

[Akhunzada Behrawar Saeed]
یہ نہیں تھا لیکن یہ بعد میں آہستہ آہستہ کچھ ہماری ہوس کی وجہ سے یا غلطیوں کی وجہ سے بنا جب کمیشن نے دریافت کیا تو ہم نے کہا کہ جناب ہم شریعت کے بدلے رواج چاہتے ہیں۔ ہمارے سر ندامت کی وجہ سے خم ہو جاتے ہیں کہ شریعت کے ہوتے ہوئے غیر شرعی قانون اپنا کر بھی ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم مسلمان ہیں پھر ہم کہتے ہیں رواج۔، اور پھر وہ چیز پنجاب میں چنڈ اول اور پگڑا بند ہو گئی اور میرے ہاں جس ضلع سے اور جس علاقے سے میں تعلق رکھتا ہوں کوئی مذہبی جماعت یا کوئی جماعت یہ جرأت تو کرے کہ وہاں کے لوگوں کو یہ کہے کہ وراثت کا قانون یہاں نافذ ہے اس پر عمل کرو، کہے کوئی کہ بہن کو حصہ دو، بوڑھے ماں باپ کی کفالت کرو، بھابی اگر بیوہ ہو جائے تو آزاد ہے، عدت پوری کرنے کے بعد جہاں چاہے جائے اس کی بچیاں کسی کی ملکیت نہیں ہیں۔ انگریز نے جو پرسنل لاء چھوڑا تھا اس پر بھی ہم عمل درآمد نہیں کر سکے تو میں وزیر صاحب سے درخواست کروں گا کہ اگلی ترمیم میں اس آرڈیننس میں پرسنل لاء کی implementation کی طرف توجہ دیں اور پھر اس ہاؤس میں موجود جن حضرات کا تعلق مذہبی جماعتوں سے ہے ان سے میں درخواست کروں گا کہ اگر آپ میرے بھائیوں پر یہ زور دیتے ہیں کہ یہ ووٹ اللہ کو دینا ہے اور لالٹین کو ووٹ دو گے تو پل کراس کرو گے، لالٹین کو ووٹ نہیں دو گے تو جہنم میں جا گرو گے۔ اگر اتنا کہہ سکتے ہو اور شریعت کے لئے ووٹ مانگ سکتے ہو تو آپ کے

ووٹ کے ساتھ جنت اور جہنم بھی وابستہ ہے تو خدا کے واسطے اس مسئلے کا بھی تو ذکر کرو مگر وہ نہیں کریں گے کہ پھر انھیں ووٹ نہیں ملے گا۔ ہمیں ووٹ چاہیئے، جس کو ووٹ چاہیئے وہ سچ نہیں بولے گا یہ تو وہی بات ہوئی کہ خداوند کریم کی آیات کو کم قیمت پر بیچو۔ خداوند کریم کی آیات کو چھپانا جو ان کو suit کرے وہ ظاہر کرنا جو suit نہ کرے وہ چھپانا۔

چوتھی چیز جس کی طرف میں آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا وہ احتساب ہے جو اسلام کے نظام میں بہت زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ خود بندہ اپنا احتساب کرے، اپنے خاندان کا کرے، اپنے محلے کا کرے اپنی قوم کا کرے اور میں یہ کہوں گا پاکستان کے فوراً بعد اگر ایک آنے کے چور کو پکڑا جاتا، ایک آنے کے چور کے ساتھ احتساب ہوتا تو آج یہ حالت نہ ہوتی۔ کہاں گئے وہ لوگ کہ جناب جنہیں کروڑوں اربوں روپیہ معاف ہو گیا جب کہ ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ ان کے نام بتائے جائیں گے۔ اس کے ہم منتظر ہیں وہ نام ہم کب دیکھیں گے۔ وہ کون سی شخصیتیں تھیں جن کو بغیر احتساب کے اتنے پیسے معاف ہو گئے۔ احتساب عملی احتساب ہونا چاہیئے ایک دفعہ یہ بھی نعرہ بلند ہوا تھا کہ پہلے احتساب اس کے بعد انتخاب۔

جناب والا! اس آرڈیننس میں میری نظر میں بڑی خوبیاں ہیں۔ پھر میں یہ کہوں گا کہ قرارداد مقاصد جس کے شروع میں یہ ہے۔ خداوند کریم اس کائنات کا حاکم اعلیٰ ہے۔ اور اس

[Akhunzada Behrawar Saeed]

کے بندے جو یہاں کام کرتے ہیں وہ اس کے Trustees ہیں۔ اس سے آگے بڑھ کر شریعت کو جس طریقے سے define کیا گیا ہے یہ پہلی مرتبہ شریعت کو define کیا گیا ہے کہ شریعت کیا چیز ہے۔ پھر شریعت لاء میں تحریر کیا گیا ہے کہ اس کی کیا طاقت ہے۔

میرے بعض دوست کہتے ہیں کہ یہاں پر بجائے source of supreme law کے سپریم لاء ہونا چاہیئے اگر غور کیا جائے source of supreme law is more wider than supreme law یہ ٹھیک ہے کہ خدا کا قانون اٹل ہے قرآن میں جو کچھ ہے اس میں تغیر و تبدل نہیں ہو سکتا، اس کی ترمیم نہیں ہو سکتی، یہ تسلیم شدہ ہے لیکن جب ہم قرآن اور حدیث کو اس کا source مانتے ہیں تو پھر اس سے آگے اور کیا چاہیئے ہیں۔ اس منبع کی جہاں سے یہ چشمے پھوٹتے نشاندہی کرتے ہیں، اس کا تعین کرتے ہیں، جس سے دریا نکلتے ہیں، جس سے سمندر نکلتے ہیں، سب وہیں سے بہتے ہیں چنانچہ اس منبع کا تعین کر لیا گیا ہے میں، سمجھتا ہوں کہ یہ بہت کافی ہے اور خاص طور پر یہ کہ اس کی definition کر دی گئی ہے۔ جناب عالی! میں یہ عرض کروں گا کہ صدر صاحب نے کچھ کوتاہیاں بھی کی ہیں کچھ غلطیاں بھی کی ہیں اور ان کے ساتھ بعض باتوں پر ہمارا اختلاف ضرور ہے۔ میں یہ مانتا ہوں بلکہ یہ کہنے کی جسارت کروں گا کہ صدر صاحب نے ۷۷ء میں مارشل لاء نافذ کر کے اچھا کیا۔ اس کے بعد ۹ سال تک وہ اس ملک کے بے تاج بادشاہ رہے۔ اگر شریعت آرڈیننس

ہی نافذ کروانی تھی تو یہ آرڈیننس بہت پہلے آسکتا تھا کیوں اس میں اتنی دیر ہوئی کیوں اس سے پہلے نہیں کیا گیا اور اب گیارہ سال بعد کے یہ آرڈیننس جاری کیا گیا؟ اس آرڈیننس کو اخباری اطلاع کے مطابق اور صدر صاحب کے اپنے بیان کے مطابق بیس بائیس علماء کو جمع کر کے ان کی رائے لے کر یہ آرڈیننس جاری کیا گیا ہے۔ صدر صاحب نے اخبار میں فرمایا انہوں نے علماء کو یہ بتایا تھا کہ وہ ان کی رائے لے کر بھی ان کی رائے کے پابند نہیں ہوں گے لیکن بہر کیف میں سمجھتا ہوں کہ یہ جو کچھ اس آرڈیننس میں ہے یہ ان علماء کی رائے پر قائم ہے اور اگر اس میں کوئی کمزوری ہے تو ہمارے علماء اس کی نشاندہی کرینگے کیوں کہ میں یہی کہوں گا کہ یہ تو آپ ہی کا شاہکار ہے ورنہ عالمگیر نے بھی کئی ہزار علماء کو جمع کر کے یہ حکم دیا تھا کہ جب تک تم ایک متفقہ ڈھانچہ یا نظام پیش نہیں کرو گے یہاں رہو گے اور انہوں نے فتاویٰ عالمگیری تیار کیا۔ کیا وجہ ہے کہ ان علماء صاحبان نے اس پر اکتفا کیا جو کہ میری نظر میں ایک عدالتی کارروائی ہے۔ دو چیزیں اس میں بہت اہم ہیں جن کی تعریف کیئے بغیر میں نہیں رہ سکتا۔ ایک اکنامک کمیشن اور ایک تعلیمی کمیشن۔ تعلیمی کمیشن کے متعلق میں عرض کر چکا ہوں۔ اکنامک کمیشن کے متعلق میں ایک بات کہوں گا، ان کے سامنے تو بڑے مسائل ہیں لیکن سب سے بڑا مسئلہ ان کے سامنے سود کا ہے، اگر یہ سود سے ہمیں خلاصی دلا

[Akhunzada Behrawar Saeed]

دیں تو سارا اسلامی معاشرہ اور معاشی نظام پاک ہو جائے گا اور اس پر عمل درآمد صحیح طور پر ہو جائے شروع گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس شعبے میں وہ کامیاب نہیں ہوں گے۔ اندرونی طور پر سود معاف کروانا یا بغیر سود کے نظام چلانا تو اتنا مشکل نہیں ہو گا لیکن بیرونی ممالک کے ساتھ ہمارے جو رابطے ہیں، جو تعلقات ہیں، جو لین دین ہے، اس ضمن میں وزیر صاحب کی اس آرڈیننس کی طرف توجہ دلاؤں گا کہ موجودہ جو تحفظ دیا گیا ہے وہ ٹھیک ہے لیکن آئندہ کے لئے تحفظ کی کیا ضرورت تھی۔ اس آرڈیننس میں اس خامی کو دور کرنے کی کوشش کی جانی چاہئیے۔ پھر سودی نظام کے ساتھ ہم اتنے الجھے ہوئے ہیں جناب چیئرمین صاحب کہ یہود، ہنود اور ساری غیر اسلامی اقوام کا معاشی ڈھانچہ سود پر مبنی ہے چنانچہ سودی نظام کو tackle کرنے اور اسلامی ڈھانچے میں ڈھالنے کے لئے صرف theoretical اقدام کی ضرورت نہیں بلکہ عملی اقدامات کی بھی ضرورت ہے اور اس کے لئے جرأت کی بھی ضرورت ہے۔

جناب عالی! میں عرض کر رہا تھا کہ صدر مملکت صاحب ۹ سال تک اس ملک کے بے تاج بادشاہ رہے۔ ان کا ہر ایک لفظ ہمارے لئے قانون تھا۔ انہوں نے اب یہ نافذ کر کے اچھا کیا مگر اس سے پہلے بھی کر سکتے تھے۔ ہاں یہ ٹھیک ہے کہ وہ پہلے سربراہ مملکت ہیں۔ میں اس کو اس طرح کہوں گا کہ قائد اعظم کی وفات کے

بعد وہ پہلے سربراہ مملکت ہیں جنہوں نے اسلامی نظام کی طرف کافی پیش رفت کی ہے۔ حدود کے قوانین کا نفاذ ایک سنگ میل ہے۔ قانون شہادت ایک بہتر اقدام ہے۔ زکوٰۃ اور عشر کے نظام کو نافذ کرنا اسلام کے ضروری تقاضوں میں سے ہے۔ صلوٰۃ کا نظام قائم کرنا ان کے کریڈٹ میں جاتا ہے اور رمضان کا تقدس، حدود قوانین کا تقدس اور پھر بڑھ چڑھ کر چادر اور چار دیواری کا تقدس و تحفظ، یہ سب چیزیں بھی ان کے کھاتے میں جاتی ہیں۔

میں یہ عرض کروں گا کہ اسلامی قوانین میں صرف یہی قوانین نہیں ہیں اس کے علاوہ بھی ایک بہت اہم قانون ہے جس کی طرف میرے ایک دوست نے اشارہ کیا تھا وہ قصاص اور دیت کا قانون ہے۔ وزیر انصاف سے میں یہ درخواست کروں گا کہ وہ قصاص اور دیت کے قانون کو اس آرڈیننس کا ایک جزو بنا دیں۔ ٹھیک ہے اس میں صدر صاحب کچھ اختیارات سے محروم ہو جائیں گے، کچھ اور لوگ بھی اختیارات سے محروم ہو جائیں گے۔ لیکن مقتول پارٹی کو وہ حق مل جائے گا جو حق اس کو خدا نے دیا ہے قصاص و دیت کا قانون اگر صحیح طور پر نافذ ہو گیا اور اس پر عمل درآمد ہو گیا تو یہ ڈاکے، قتل و غارت، رہزنی کے واقعات میں سمجھتا ہوں بہت تھوڑے عرصے میں ختم ہو جائیں گے۔ اگر ایک قاتل کو مقتول کا ولی عوام کے سامنے گولی مار کر ہلاک کر دے تو پھر دوسرا قاتل قتل کرنے سے پہلے کئی بار سوچے گا۔

[Akhunzada Behrawar Saeed]

جناب عالی! پھر میں یہ عرض کروں گا کہ جب تک یہ وکٹوریہ فقہ میرے ملک اور ضلع میں نہیں آیا تھا تو وہاں پر بہت قتل نہیں ہوتے تھے۔ میری ۶۷ سالہ زندگی میں ایک قتل ہوا تھا اور اس قتل کے بدلے قاتل کو سنگسار کیا گیا اور اس کی لاش کو دریا میں پھینک دیا گیا اور پھر اس کے بعد میں نے نہیں سنا کہ میرے گاؤں میں کوئی قتل ہوا ہے۔ اب تو امریکن یونیورسٹی کے پروفیسر بھی اس کے قائل ہو گئے ہیں کہ اسلام نے جو corporal punishments تجویز کی ہیں وہ دیگر punishments سے زیادہ بہتر ہے۔

جناب عالی! اس آرڈیننس کے ذریعے صرف عدالتی کارروائی کو سہل بنانے کے لئے یا چند مسائل کو ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار میں دینے، چند مسائل کو وفاقی شریعت کورٹ کے دائرہ اختیار میں دینے سے اصل مقصد حاصل نہیں ہوتا۔ یہاں پہ rule of law کی ضرورت ہے اور rule of law تب ہو گا جب کہ سارے اسلامی قوانین نافذ ہوں گے۔ قرآن میں ہے۔ ادخلو فی السلم کافۃ اے مومنو! اسلام میں پورے داخل ہو جاؤ۔ اور ایک شاعر نے کہا ہے۔

بدلنا ہے تو مے بدلو نظام مے کشی بدلو
وگرنہ ساغر و مینا بدلنے سے کیا فائدہ

جناب عالی! اس میں کافۃً آنا چاہیئے۔ ہمیں ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیئے۔ اس میں کوئی بات نہیں ہے کہ دوسرے ممالک۔۔۔۔

..

اب جناب نظام حکومت کی طرف جو کہ اس کے preamble میں ہے آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ اسلامی نظام حکومت کا جو نقشہ ہمیں پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے دور میں، اور آپ کے بعد خلفائے راشدین کے دور میں یعنی ایک ہجری سے لے کر ۴۱ ہجری تک ہمیں ملتا ہے، اس کے بعد سلاطین اور آمروں کا دور شروع ہو جاتا ہے ۔ اور اگر ہم نظام اسلام اس ملک کے لئے ڈھونڈیں گے تو اسی پیریڈ میں ڈھونڈیں گے ۔ اب یہاں ہم دیکھتے ہیں کہ جب حضرت صدیق اکبرؓ خلیفہ ہوئے تو دوسرے دن مزدوری کرنے کے لئے نکلے ۔ اور صحابہؓ نے پوچھا کہ حضورؐ آپ کہاں جا رہے ہیں آپ تو خلیفہ ہیں ۔ جواب دیا کہ مزدوری کرنے، صحابہؓ نے کہا کہ نہیں ہم آپ کے لئے کچھ بیت المال سے مقرر کریں گے ۔ تو اس کے لئے پہلا شوریٰ ہوا ، ان میں بحث مباحثہ کے بعد یہ فیصلہ ہوا کہ چونکہ خلیفہ ہنرمند مزدور نہیں ہے اس واسطے انہیں غیر ہنرمند مزدور کا محنتانہ دیا جائے گا ۔ بات یہاں سے شروع کرنا ہو گی ۔ ہمارے حکمران اگر واقعی اسلامی نظام کے خواہشمند ہیں تو وہاں سے شروع کریں ۔ قرآن نے ان کو امین کہا ہے ۔ اور امین امانت میں خیانت کرنے کا حقدار یا مجاز نہیں ہے ۔ تو جناب اس نظام میں ہم دیکھتے ہیں کہ شوریٰ یعنی مشورے کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے ۔ جسے اب لوگ جمہوریت کہتے ہیں ۔ لیکن قرآن میں بھی اس کی تائید کی گئی ہے کہ مشورہ ہو ۔ اور اس نظام میں ہم دیکھتے ہیں کہ کس طریقے سے عوام زندگی گزارتے تھے ۔ وہاں

[Akhunzada Behrawar Saeed]

قوانین پر کیسے عمل ہوتا تھا۔

بڑی مشہور بات ہے کہ ایک عورت نے آکر حضورؐ سے کہا اسے پاک کر دو۔ وہ حاملہ تھی آپؐ نے اس کی سزا کو مؤخر کر دیا۔ جب بچہ پیدا ہو گیا تو پھر وہ عورت خدمت میں حاضر ہوئی۔ پھر بچے کو دودھ پینے کی مدت تک سزا کو ملتوی کر دیا گیا۔ جب بچہ بڑا ہو گیا تو اسے سنگسار کیا گیا۔ ایسے کیریکٹر ایسے اخلاق کی یہاں ضرورت ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ نظام اسلام کا جو نقشہ اس وقت موجود تھا۔ پاکستان میں اسی نظام کی ضرورت ہے۔ یہ کہنا کہ عوام کو ...... میں کسی کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کی کوشش نہیں کرتا یہ میرے اپنے views ہیں، اپنی رائے ہے کہ مغربی طرزِ جمہوریت کا نظام، اسلامی نظام کا تصور نہیں ہے۔ کسی دوست کا یا کسی عالم کو یہ کہنا صدارتی نظام حکومت، خلافت کے نظام حکومت کے قریب ہے، یہ مناسب نہیں ہے۔ کل جناب ایک بہت بڑے عالم جو اس اجتماع میں آئے ہوئے تھے۔ میں نے ان سے دریافت کیا۔ وہ فرمانے لگے۔ کوئی بات نہیں اگر آمر بھی عادل ہو تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ جمہوریت ہو یا آمریت ہو۔ اگر یہ ہمارا اسٹینڈرڈ ہے کہ ہم آمریت کی بھی اسلام میں اجازت دیتے ہیں جب کہ اسلام نے نہیں دی ہے تو ایسے علماء اور مشائخ جمع کر کے ان سے مشورے لینے کا کیا فائدہ صرف یہ کہ دو دو ہزار روپے ہم ان کو کرایہ ادا کریں، پانچ پانچ ہزار ان کی جیب میں ڈال کر ان سے یہ فتویٰ لیں۔

یہ اسلام کی توہین ہے۔ ان سے ہم بہتر جانتے ہیں۔ وہ پیریڈ ہمیں یاد ہے۔ معراج نبوت کا پیریڈ ہمیں یاد ہے۔ خلفائے راشدین کا پیریڈ ہمیں یاد ہے۔ اس میں ایک چیز تھی کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد کچھ مرتدین نے عشر دینا بند کر دیا تو ان حالات میں جب کہ وہاں اسلامی حکومت مضبوط نہیں تھی۔ خلیفۂ اول نے ان کے خلاف جہاد کیا۔ اور ہم یہاں دیکھتے ہیں کہ جو نظام زکوٰۃ یہاں پر رائج ہے، جو نظام عشر یہاں پر رائج ہے، مجھے بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس کا مذاق اُڑایا جاتا ہے۔ جو ڈھانچہ تیار کیا گیا ہے، جس طریقے سے زکوٰۃ وصول کی جاتی ہے، جس طریقے سے زکوٰۃ تقسیم کی جاتی ہے، وہ، وہ طریقہ نہیں ہے جو اسلام کا ہے۔ یہ تو سیاست کا ہے۔ جناب وزیر صاحب! زکوٰۃ کی اور عشر کی وصولی اور تقسیم کا جو ڈھانچہ بنایا گیا ہے خدارا اس کو ختم کر دیں اس سے ہماری بدنامی ہو رہی ہے۔ حقدار کو حق نہیں ملتا۔ اس کی تقسیم صرف سیاست پر منحصر ہے اور میری ڈویژن میں تو پہلے یہ شرط ہے کہ زکوٰۃ عشر تب ملے گی اگر تم فلاں جماعت کا جھنڈا لگاؤ گے۔

جناب والا! مجھے یہ کہنے میں کوئی باک نہیں ہے کہ نظام حکومت میں اس ملک کے لئے Westminster abbey کا pattern نہ کامیاب رہا ہے نہ ہو گا۔ یہ غور طلب مسئلہ ہے کہ یہ کیسے ہو۔ کون

[Akhunzada Behrawar Saeed]

سا انتظام ہو۔ ٹھیک ہے ایک چیز کو ہم لیتے ہیں۔ اس پیریڈ کو پھر جاکر پڑھیئے۔ تاریخ شاہد ہے۔ اس نام نہاد بالغ رائے دہندگی کے طریقۂ کار کو کب اختیار کیا گیا تھا، وہاں رائے تو تھی۔ رائے لینا لازمی تھا۔ رائے لینا لازمی ہے۔ مشورہ لینا لازمی ہے۔ مگر کس سے اہل الرائے سے۔ بقول اقبال کے: بندوں کو گنا کرتے ہیں تولا نہیں کرتے یہ اسلامی نہیں ہے اہل الرائے کا طریقہ ہو۔ صاحب الرائے کا طریقہ ہو۔ صاحب الرائے کون ہے۔ اہل الرائے کون ہے۔ اس کا تعین ہو۔ تب جاکر شوریٰ بن سکتی ہے اور اس شوریٰ کا احترام بھی ہوتا ہے اور اس وقت کی شوریٰ کے فیصلے کا اس وقت کا خلیفہ پابند بھی ہوتا ہے۔

جناب عالیٰ! میں پھر یہ کہوں گا کہ شاید لائیڈ جارج تھا۔ جب انڈیا نے اپنے لئے dominion status کا مطالبہ کیا جو کینیڈا کو ملا ہے۔ ہمیں بھی ملنا چاہیئے۔ تو اس نے کہا The fur coat of Canada does not suit India اب میں یہی کہوں گا۔

That the pattern of Westminster Abbey or Pantegon does not suit Pakistan

جناب عالیٰ! اس کو over-all کرنا چاہیئے۔ مگر کیسے؟ کچھ اچھے قانون دان ہوں علماء ہوں اسلام میں نہ تو رہبانیت ہے۔ نہ ملّازم ہے۔ اسلام میں سفید، کالے، مالدار، غریب میں کوئی فرق نہیں، متقی اور پرہیزگار ہونے کے لئے۔ یہاں اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ میں نے دو تین چار کتابیں پڑھی ہوئی ہیں تو اس کو کم از کم میں

عالم تسلیم نہیں کروں گا۔ جب ایک بہت بڑا عالم جس کو ناظم صاحب کہتے ہیں، جو فرماتے ہیں کہ میں اتنا بڑا عالم ہوں۔ وہ مجھے کہتے ہیں کہ آمریت بھی اچھی ہے پھر میں جناب اور کس سے توقع کروں۔

جناب چیئرمین : ذرا تقریر کو اختتام تک پہنچائیے۔ کافی ہو گیا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : بس کوشش کرتا ہوں جی۔ آپ کے حکم کی تعمیل میں۔ یہ آرڈیننس بجائے خود کافی نہیں ہے، اس میں مزید ترامیم کی گنجائش ہے۔ اس کو بڑھایا جائے۔ مگر یہ آرڈیننس بذات خود اس سمت کی طرف ایک اہم قدم ہے جس کی طرف اس ملک کو جانا چاہیئے۔ اور میری دعا ہے کہ آئندہ دو تین مہینے کے بعد جو آرڈیننس آئے اس میں وہ تمام خامیاں دور کی جائیں جن کے بارے میں، میں نے عرض کیا ہے یا میرے دوست گزارش کریں گے۔

جناب چیئرمین : بہت شکریہ ! جناب محمد علی خان صاحب۔

جناب محمد علی خان : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ جناب چیئرمین صاحب! میں وزیر عدل کا انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنی اولین فرصت میں شریعت آرڈیننس کو اس ایوان میں بحث کے لئے پیش کیا۔ گو یہ شریعت آرڈیننس کسی صورت میں بھی مکمل نہیں ہے اور اس ضمن میں وزیر مذہبی امور نے بھی اپنے ایک پریس انٹرویو

[Mr. Muhammad Ali Khan]

میں اس بارے میں بیان دیا تھا۔ جس کے الفاظ مجھے یاد نہیں البتہ مفہوم کچھ یوں ہے کہ اس میں ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ بہرحال میں سمجھتا ہوں کہ شریعت کے نفاذ کا یہ موقع پاکستان کی تاریخ میں ایک نمایاں حیثیت کا حامل ہے۔ جناب والا! آپ مجھ سے ضرور متفق ہوں گے کہ پاکستان ایک نظریاتی مملکت ہے۔ جس کو ہم نے قائد اعظم کی قیادت میں اسلام کے نام پر قائم کیا۔ اس مملکتِ خداداد کو دنیا کے نقشے پر لانے کے لئے قوم نے بیش بہا قربانیاں دیں اور یہ اس لئے کیا گیا کہ برصغیر کے مسلمانوں کی یہ خواہش تھی کہ انہیں ایک ایسی علیحدہ مملکت ملے جس میں وہ اپنی زندگی اسلام کے زریں اصولوں کے تحت گزار سکیں۔ جناب والا آزادی سے قبل چند غیر ملکی صحافیوں نے قائد ملت سے پاکستان بنانے کے بارے میں ایک سوال پوچھا تو جواباً انہوں نے فرمایا کہ

It is the urge of the nation to mould itself according to its own ideals.

جناب والا! پاکستان بننے کے بعد بہت ہی جلد قائد اعظم اور قائد ملت ہم سے رخصت ہو گئے۔ اور ان کے بعد افسر شاہی کی درباری سازشوں کی وجہ سے اس ملک کی خالق جماعت یعنی مسلم لیگ کو نہ پنپنے کا موقع دیا گیا اور نہ اس ملک کو چلانے کا موقع دیا گیا۔ جس کی وجہ سے مسلم لیگ کے یہ سارے پروگرام ارمانوں تک محدود ہو کر رہ گئے۔ پاکستانی عوام کے دلوں میں امید کے دیئے جلتے رہے اور بجھتے رہے۔ پاکستانی معاشرے کی تشکیل نہ علامہ اقبال اور قائد اعظم کی امنگوں کے مطابق اسلامی خطوط پر

ہوئی اور نہ پاکستانی عوام اسلامی معاشرے کے ثمرات سے مستفید ہوئے بلکہ میں تو سمجھتا ہوں کہ بات یہاں تک پہنچی۔ کہنے والوں نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ نظریۂ پاکستان کا اسلام کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہے اور اسی وجہ سے یہ حقیقت دن بدن ہمارے اذہان سے محو ہوتی گئی کہ پاکستان کی بقا کا راز اسلامی نظام میں ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ناکامیاں ہمارا مقدر بن گئیں اور لوگ طبقات میں بٹ گئے، افتراق اور انتشار نے وحدت، اتحاد اور یگانگت کا شیرازہ بکھیر دیا اور حتیٰ کہ مشرقی پاکستان ہم سے ہمیشہ کے لئے علیحدہ ہو گیا۔ ملک انار کی کا شکار ہو گیا، باقی ماندہ ملک میں پھر لوگ اس دن کا انتظار کر رہے تھے کہ یہاں کب اسلامی نظام نافذ ہوگا جس کے لئے انہوں نے اتنی بیش بہا قربانیاں دی تھیں، خدا خدا کر کے وہ دن آ پہنچا، شریعت آرڈیننس کا نفاذ کیا گیا لیکن شریعت آرڈیننس کے ذریعے قرآن اور سنت کو ملک کا اعلیٰ ترین قانون بنانے کی جگہ، قرآن اور سنت کو ہر قانون اور پالیسی کا اعلیٰ ترین سرچشمہ قرار دے دیا گیا جس میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔

جناب والا! عام طور پر شریعت کی جو تعریف علماء نے کی ہے وہ اسلامی احکامات ہیں جو قرآن اور سنت سے ثابت ہیں لیکن اس آرڈیننس میں لفظ ثابت کو حذف کر کے اس کی جگہ لفظ مرقوم لکھا گیا جس سے قرآن و سنت کی روشنی میں خلفائے

[Mr. Muhammad Ali Khan]

راشدین، صحابہ کرام اور مجتہدین نے جو اقدامات کئے ہیں ان سے کوئی روشنی ہمیں حاصل نہیں ہو سکے گی بہرحال something is better than nothing کے تحت ہم اس شریعت آرڈیننس کا خیر مقدم کرتے ہیں اور یکے راہگیر و دیگرے را دعویٰ کن کے تحت انشاءاللہ تعالیٰ ہم کوشش کریں گے کہ اس میں جتنے بھی نقائص ہیں وہ ختم کر لیں۔ اس آرڈیننس کے تحت حکومت کی ہر پالیسی میں شریعت کو کلیدی حیثیت دی گئی ہے اور حکومت کو قانونی طور پر اس بات کا پابند رکھا گیا ہے کہ ہر پالیسی وضع کرتے وقت شریعت سے رہنمائی حاصل کی جائے۔ جناب والا! اس آرڈیننس کے تحت کسی بھی قانون کو خلاف اسلام قرار دینے کے لئے پہلے یہ اختیار وفاقی شرعی عدالت کو حاصل تھا اب ملک کے جملہ ہائی کورٹوں کو بھی اختیار حاصل ہو گیا ہے، اس آرڈیننس سے قبل یہ اختیار صرف وفاقی شرعی عدالت کو حاصل تھا اور چند موضوعات اس کے دائرہ اختیار سے یکسر باہر تھے، اب ملک کی عدالت عالیہ کو یہ اختیار حاصل ہو گیا ہے کہ وہ از خود یعنی suo moto یا کسی کے ایما پر مالی اور عائلی قوانین کا جائزہ لے جو وفاقی شرعی عدالت کے دائرہ کار سے باہر تھے، اسی طرح ماتحت عدالتوں کی طرف سے بھی کسی قانون کے شرعی یا غیر شرعی ہونے کے بارے میں بھی ان عدالتوں یعنی وفاقی شرعی عدالت کے ساتھ ساتھ عدالت عالیہ یعنی ہائیکورٹوں سے بھی رجوع کیا جائے گا اور ان کو اس بات کا پابند کر دیا

گیا ہے کہ اس کے فیصلے ۶۰ دن کے اندر کئے جائیں اور ان عدالتوں کی رہنمائی کے لئے جید علماء متعین کئے جائیں گے جو مفتی کہلائیں گے۔ جناب آئندہ کے لئے جو قانون مرکزی سطح پر یا صوباتی سطح پر بنایا جائے گا وہ شریعت کے عین مطابق ہوگا اور اس وقت اگر کوئی قانون شریعت سے متصادم ہے تو ان عدالتوں کے ذریعے انشاء اللہ تعالیٰ وہ کالعدم قرار دیا جا سکے گا۔

جناب والا! ملک میں پہلی مرتبہ شرعی قوانین کے نفاذ کا کام ۱۹۷۷ء میں جنرل ضیاءالحق صاحب نے مارشل لاء کے بعد شروع کیا اور ۱۹۷۷ء میں جب انہوں نے ملک کا اقتدار سنبھالا تو اپنی پہلی نشری تقریر میں انہوں نے عوام کے اس جذبے کا بطور خاص ذکر کیا جو تحریک نظام مصطفیٰ کے سلسلے میں منظر عام پر آیا تھا اور جو لوگوں کے دلوں کی دھڑکن بن گیا تھا لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس میں ابھی تک اتنی پیش رفت نہیں ہو سکی۔ بلا سود بینکاری، نظام صلواۃ، عشر اور زکواۃ اور حدود آرڈیننس کے علاوہ اس میں کوئی آگے بات نہیں بڑھ سکی۔ جہاں تک بلا سود بینکاری کا تعلق ہے آج بھی ملک میں دو قسم کے لین دین جاری ہیں ایک سود کا اور ایک بلا سود کا، آج تک مکمل سود کا خاتمہ اس ملک سے نہیں کیا گیا۔ جہاں تک نظام صلوٰۃ کا تعلق ہے جناب والا! آپ کو خود یاد ہو گا کہ اس سلسلے میں ناظمین صلوٰۃ کی ایک فوج بھرتی کی گئی تھی لیکن آج اگر چراغ لے کر بھی

[Mr. Muhammad Ali Khan]

آپ کسی کو ڈھونڈیں تو کہیں آپ کو ناظم صلوٰۃ نظر نہیں آئے گا، عشر اور زکواۃ کے بارے میں جتنا کم کہا جائے اتنا بہتر ہے کیوں کہ اس میں بہت سے نقائص ہیں جن کو رفع کرنا از حد ضروری ہے۔ جہاں تک حدود کے قوانین کا تعلق ہے، جناب والا! ہاتھ کو تو چھوڑ دیئے، آج ایک تک کسی کی انگلی بھی نہیں کاٹی گئی تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سُست رفتاری کی وجہ یہ ہے کہ ہمارا جو عدلیہ کا نظام ہے یہ اینگلو سیکسن سسٹم (Anglo Sexon System) پر چل رہا ہے اور اس کے ساتھ جتنے بھی متعلقہ افراد ہیں وہ اسی سسٹم کے تربیت یافتہ ہیں اور اسی کے ساتھ متعارف ہیں لہٰذا ان کے لئے یکسر اپنے آپ کو تبدیل کرنا کارے دارد، اور اس کے مقابلے میں اسلامی قوانین کے تقاضے کچھ اور ہی ہیں یعنی کہاں خدائی قانون اور کہاں انسان کا وضع کردہ قانون یعنی چہ نسبت خاک را بہ عالم پاک، چنانچہ ۱۹۷۹ء میں جو قوانین حدود جاری کئے گئے ان میں بڑا مسئلہ فقہ جاننے والے لوگوں کا تھا۔ ان لوگوں کی یہاں کمی تھی اور میں سمجھتا ہوں کہ شریعت فیکلٹی اور قاضی کورسز کے اجراء کے بعد کسی حد تک یہ کمی پوری ہو گئی ہے اور پھر ہمارے ماہرین قانون اور علماء نے بیشتر مسلم ممالک کے دورے کیئے اور وہاں کورسز میں شمولیت کی تو اب میں سمجھتا ہوں کہ وہ کمی بھی انشاء اللہ بہت حد تک پوری ہو گئی ہو گی۔

جناب والا! چونکہ مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر کے درمیان

فقہ پر کافی اختلاف ہے لہٰذا موجودہ شریعت آرڈیننس میں سینیٹ کی اس خاص کمیٹی کی سفارش کے مطابق اس کی تعریف کی گئی ہے اور اس کو قرآن اور سنت پر مبنی کیا گیا ہے - اسلامی قوانین کے یہ دو ایسے ماخذ ہیں جو سب کے لئے قابل قبول ہیں یعنی جتنے بھی مکاتب فکر ہیں ان سب کے لئے قابل قبول اور اس میں کسی قسم کے اختلافات کی کوئی گنجائش ہی نہیں ہے - اس کے ساتھ ساتھ غیر مسلموں کے پرسنل لاء کو تحفظ دے کر اس وسعت قلبی اور بالغ نظری کا ثبوت دیا گیا ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ اسلام کا طرۂ امتیاز ہے - جناب والا ! صدر کی طرف سے شریعت آرڈیننس کے نفاذ کے لئے چند سیاسی جماعتوں ...... ( مداخلت )

قاضی عبداللطیف : سبقت لسانی سے انہوں نے فرمایا کہ غیر مسلموں کو ، وہاں جو مسلمہ فرقے ہیں اسلام کے اندر ان کی تشریح ہے ۲۲۷ کی شق نمبر ۱ -

جناب چیئرمین : جناب محمد علی خان صاحب آپ اپنی تقریر جاری رکھیں -

جناب محمد علی خان : جناب والا ! صدر کی طرف سے شریعت کے نفاذ کے بعد کچھ سیاسی جماعتوں کی طرف سے اور کچھ مذہبی حلقوں کی طرف سے اختلاف بھی سامنے آیا ہے - کسی نے اس کو ایک نیا پنڈورا بکس کھولنے کے مترادف سمجھا اور کسی نے یہ کہا کہ یہ آئندہ انتخابات کے نتائج اپنے حق میں کرانے کے لئے قدم اٹھایا

[Mr. Muhammad Ali Khan]

گیا ہے، بدقسمتی سے یعنی سیاسی پارٹیاں جن کا اوڑھنا بچھونا کمیونزم اور سوشلزم ہے وہ اپنے غیر ملکی آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے اس ملک میں اسلامی شریعت کے نفاذ کے یقیناً برخلاف ہیں اور اس مخالفت میں ہمیشہ وہ پیش پیش رہیں گی، اس ضمن میں عورتوں کو بھی اُکسایا جا رہا ہے اور انہیں یہ کہا جا رہا ہے کہ ملک کے پچاس فیصدی حصّے کو تعطل کا شکار بنا دیا جائے گا اور الیکشن میں حصہ لینا تو درکنار وہ اپنی چار دیواری سے بھی باہر نہیں نکل سکیں گی۔ جناب والا! یہ بالکل جھوٹ ہے اور لغو بات ہے اس میں کوئی حقیقت نہیں ہے۔ اس ضمن میں عائلی قوانین کو بھی اُچھالا گیا ہے، حالانکہ میں سمجھتا ہوں کہ عائلی قوانین نے عورتوں کا کوئی تحفظ نہیں کیا، یہ لوگوں نے سراسر اپنے مخصوص مفادات کے لئے بنایا تھا، اس کے بارے میں، میں وزیر عدل سے یہ التجا کروں گا کہ ایک سپیشل کمیشن بنایا جائے جو کہ اس میں مزید غور و فکر کرے....

جناب والا! مذہبی حلقوں کی طرف سے جو شکوک و شبہات اس میں آئے ہیں وہ اسی خاطر کہ ماضی میں اسلام کا بڑا چرچا ہوا کرتا تھا لیکن اس کا کوئی نتیجہ خیز قدم نہیں اُٹھایا جاتا۔ اس لئے عوام میں اور خاص کر مذہبی حلقوں میں یہ شکوک و شبہات پیدا ہو گئے کہ کہا تو بہت کچھ جاتا ہے لیکن اس پر عمل نہیں ہوتا۔ لہٰذا یہ ذمہ داری اب حکومت کی ہے کہ اب کوئی وقت

ضائع کئے بغیر وفاقی شرعی عدالت اور ہائیکورٹوں کو کہہ دیا جائے کہ وہ اپنا کام شروع کر دیں اور جو قوانین غیر شرعی ہیں یا اسلام سے متصادم ہیں انہیں کالعدم قرار دے دیں اور ان کے لئے جو ساٹھ دن کی مدت مقرر کی گئی ہے اس کے لئے حکومت ان کی جتنی بھی ضروریات ہیں وہ فراہم کر دے ۔ اسی طرح عوام کو بھی چاہیئے کہ وہ ان نام نہاد مسلمانوں سے جن کا خانہ کعبہ کہیں اور ہے ان کے اس پروپیگنڈے سے متاثر نہ ہوں۔ اس ضمن میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں تاکہ یہ پاکستان اصلی اور حقیقی معنوں میں اسلامی مملکت بن سکے ۔

جناب والا! اس ضمن میں میری چند تجاویز ہیں ۔ جن میں سر فہرست مالیاتی قوانین ہیں ۔ اس بارے میں ہمارے ایک قابل سینیٹر نے پریس کانفرنس میں اپنی اس رائے کا اظہار کیا تھا کہ آج کل ملک میں دو سسٹم جاری ہیں ایک سود کا دوسرا بلا سود کا۔ یہ تفریق ختم کر دینی چاہیئے اور افسوس کی بات تو یہ ہے کہ جب شریعت آرڈیننس کے بارے میں اخبارات میں بیانات چھپتے ہیں تو اس کے ساتھ ساتھ اسی صفحے پر حکومت کی طرف سے باونڈز ہولڈرز کی دل جوئی بھی ہوتی ہے کہ شریعت آرڈیننس کے باوجود حکومت انعامی بانڈز پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کرے گی ۔ اسی طرح بانڈز اور سرٹیفیکٹس کی ادائیگی کی واضح یقین دہانی کرائی گئی ہے کہ ان کو بروقت ادا کیا جائے

[Mr. Muhammad Ali Khan]

گا۔ معیشت کے لئے جو کمیشن مقرر کیا جائے گا یا حکومت از خود جو اقدامات کرے گی اس سے نہ اندرون ملک پہلے سے طے شدہ معاملات یا دیگر سرمایہ داری متاثر ہو گی نہ باہر بیرونی ممالک کے ساتھ جو معاہدات ہیں وہ متاثر ہوں گے۔ جناب والا جب تک ہم پرانے قرضے ادا نہ کر پائیں اور مزید قرضہ جات سے اجتناب نہ کریں میں سمجھتا ہوں ان معاہدات کی منسوخی یا اس میں کوئی ترمیم و تنسیخ ہمارے بس سے باہر ہے۔ اگر اس پر ہم سود دیں تو یہاں ہمارے محترم ساتھی بیٹھے ہیں وہ تائید کریں گے کہ وہ حالت اضطراری میں تو ہو سکتا ہے لیکن جہاں تک مسلم ممالک کا تعلق ہے ان سے ضرور اس ضمن میں بات چیت ہونی چاہیئے کہ وہ پاکستان کو جو قرضے دیں اس پر وہ سود نہ لیا کریں۔ جناب والا! جہاں تک اندرونی مالی معاملات کا تعلق ہے اس کے لئے حکومت اگر آپ کی ان پرانی تجاویز پر عمل درآمد کر لے تو میں سمجھتا ہوں کہ قوم یقیناً اطمینان کا سانس لے سکے گی کیونکہ آپ نے اس پر بہت زیادہ کام کیا ہے اور اس میں کسی قسم کی کمی بیشی کی آپ نے گنجائش نہیں چھوڑی۔

دوسری بات یہ ہے کہ حکومت کو چاہیئے کہ وہ جو بات کرے اس پر قائم رہے۔ اب جب کہ شریعت آرڈیننس کا نفاذ ہو چکا ہے اگر حکومت کے قول و فعل میں تضاد ہوا تو وہ قوم سے کیسے توقع کر سکتی ہے ان کے اذہان میں ایک انقلابی تبدیلی آجائے

گی - جناب میرا مطلب ملک میں کرنسی کے نوٹوں کی گردش سے ہے اگر آپ کرنسی نوٹ اٹھا کر دیکھیں اس پر کھلے الفاظ میں یہ عبارت تحریر ہے کہ " بینک دولت پاکستان ایک سو روپے حامل ھذا کو مطالبہ پر ادا کرے گا، حکومت پاکستان کی ضمانت سے جاری ہوا" جناب والا! اگر اس کا بنظر غائر مطالعہ کیا جائے تو یقیناً ہر ایک اس نتیجے پر پہنچے گا یہ سراسر وعدہ ایفائی کے خلاف ہے کیونکہ ملک میں ہر سال کرنسی کی قیمت میں ۲۰ فیصد کی کمی آتی ہے اسے اگر حکومت کہے کہ کم ہے ہم اس بات کو ہرگز ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں اگر خدا نخواستہ یہی حالت ہو تو ایک زمانہ آئے گا کہ بھیک مانگنے والا بھی دس روپے لینے سے انکار کرے گا - اب خدا کے فضل سے اسلامی معیشت کو مضبوط بنانے کا انتظام ہو گیا ہے۔ اس سے پہلے ہمارے پاس کوئی ایسا انتظام نہیں تھا جس سے اسلامی معیشت کو فروغ حاصل ہوتا۔ پاکستانی معیشت کو اسلامی رنگ میں ڈھالنے کے لئے ہمیں ایک قانونی ڈھانچہ مل گیا ہے لہٰذا حکومت کو چاہیئے کہ صحیح اسلامی معاشرے کے قیام کی خاطر ملک میں افراط زر پر قابو پالے - اب میں پولیس اور عدالتوں کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ....

**Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi :** Point of order Sir, I think, we don't have quorum for the House.

**Mr. Chairman :** I think, the quorum is there. کورم پورا ہے

جناب محمد علی خان : صدر مملکت نے اپنی تقریر میں انگریزوں کے وقت کے رائج Anglo-Saxon System کا ذکر کیا تھا۔ جس نے ہمارے معاشرے کو بہت سی پیچیدگیوں سے دو چار کر رکھا ہے۔ جناب والا! ان میں تھانوں میں درج ہونے والی ایف آئی آر کا مسئلہ ہے جس کو درج کرنا یا اندراج نہ کرنا تھانے دار کی صوابدید پر ہوتا ہے اور اس ضمن میں یقیناً رشوت کا بازار گرم ہوتا ہے۔ جناب والا! آپ کو معلوم ہے کہ کوئی بھی تھانیدار اپنے علاقے میں چوری اور ڈاکہ زنی کے واقعات کو درج کرنے سے عموماً گریز کرتا ہے لہذا ظاہر ہے کہ ناخواندہ آدمی وہاں جاکر اپنی رپورٹ لکھوائے تو اس کو لکھنے سے محرر انکار کر دیتا ہے۔ اس ضمن میں حکومت کو چاہیئے کہ جب کوئی درخواست دی جائے تو اسی درخواست کی بنا پر ایف آئی آر درج کی جائے اور اس شخص کو اس ایف آئی آر کی باقاعدہ کاپی دی جائے۔ اگر کوئی ناخواندہ شخص ہو جن کی ہمارے ملک میں کمی نہیں ہے ۷۵ اور ۸۰ فیصد کے درمیان ناخواندہ لوگ ہیں خاص کر گاؤں میں اگر کوئی تھانے جائے اور وہ محرّر کو اپنا بیان دے اور محرّر اس کو لکھے اور پھر محرّر اس کو پڑھ کر سنائے جب اس کی تسلّی ہو جائے تو اس پر اس کا انگوٹھا لگایا جائے اور اس کو ایف آئی آر تصور کیا جائے اور اس کو اس کی کاپی دی جائے۔

جناب والا! اسی طرح عدالتوں میں مقدمات سالہا سال سے چل رہے ہیں۔ میں اس کی ایک مثال آپ کے سامنے پیش کرنا چاہتا

ہوں۔ صوبہ سرحد میں مالکان کی اراضیات پر مزارعین نے نام نہاد عوامی دور کے زمانے سے قبضے جمائے رکھے ہیں اور آج تک ان مقدمات کے کوئی فیصلے نہیں ہوئے۔ نہ ان اراضیات سے مالکان کو کوئی آمدنی حاصل ہوتی ہے، اب وہ بیچارے ان کو بیچنے پر تلے ہوئے ہیں لیکن متنازعہ اراضیات کو کون خریدے، لہٰذا میں یہ تجویز پیش کرتا ہوں ایسے مقدمات کو قاضی کورٹس کے سپرد کیا جائے تاکہ ان کے بر وقت اور منصفانہ فیصلے ہو جائیں تاکہ لوگ یہ محسوس کرلیں کہ واقعی اس ملک میں اسلامی نظام قائم ہو چکا ہے اور یہ کوئی سنی سنائی بات نہیں ہے جناب والا! جب محکمہ مال کے مقدمات کا یہی حال ہو تو پھر دیوانی مقدمات کا آپ کچھ نہ پوچھیں۔ اس ضمن میں میرے بھائی نے آپ کی خدمت میں عرض کیا، کسی نے دیوانی مقدمات کے بارے میں کہا ہے کہ "جو جیتا وہ ہارا جو ہارا وہ مرا" لہٰذا حکومت کو چاہیئے کہ اس آرڈیننس کا مکمل طور پر نفاذ کرے تاکہ قیام پاکستان سے قبل برصغیر کے گلی کوچوں میں پاکستان کا مطلب کیا لا الہ اللہ کے ایمان افروز نعرے لگانے والے اسلام کے شیدائی پرانے مسلم لیگی کارکن نفاذ شریعت کے بعد پاکستانی معاشرے پر مرتب ہونے والے مثبت اثرات کا از خود مشاہدہ کریں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: بہت شکریہ! جناب قاضی عبداللطیف صاحب۔

قاضی عبداللطیف: نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب محترم! میں آپ کا اور اپنے قابل احترام وزیر عدل و انصاف کا مشکور ہوں

[Qazi Abdul Latif]

کہ انہوں نے اس ایوان کو اس آرڈیننس پر بحث کرنے کا موقع عنایت فرمایا۔ ہمارے محترم وزیر کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی صلاحیتوں سے نوازا ہے اور میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی ان صلاحیتوں کو اسلام کی خدمت کے لئے وقف کر دے۔ وہ اگر چاہیں تو عیسیٰ کو سولی پر چڑھا دیں اور اگر چاہیں تو قوت استدلال سے ابلیس کو معلم الملائکہ کہہ کر کے بری کرا دیں۔ یہ ان کا بائیں ہاتھ کا کھیل ہے اور ان کی تقریر جس پلڑے میں بھی جائے گی بہرحال وہ اس کو بھاری ثابت کرے گی۔ اور اسے ثابت ظاہر کرانے کی کوشش کریں گے۔ نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے بھی فرمایا تھا کہ اے اللہ اسلام کو احد العمرین سے معزز فرما۔ اس لئے کہ حضرت عمر کے اندر صلاحیتیں تو موجود تھیں لیکن وہ غلط طریقے پر استعمال ہو رہی تھیں۔ میری بھی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو جو صلاحیتیں دی ہیں وہ صحیح طریقے پر استعمال ہوں اور وہ اسلام کی صحیح ترجمانی میں استعمال ہوں۔ ہمارے معزز وزیر صاحب نے اس وقت بھی اور اس سے پہلے بھی تمام اراکین کے جذبات سن لئے ہیں اور ان کے جذبات یہی ہیں کہ اسی ملک میں اسلام ہو۔ اور یہ سارے اسی کے لئے تڑپ رہے ہیں اسلام یہاں آنا چاہیئے۔ چونکہ یہ آرڈیننس اسی جذبے کے لحاظ سے جاری ہوا کہ یہاں اسلام نافذ ہو گا۔ اور وہ لوگ جو اسلام کے متمنی ہیں اس پر وہ بڑے خوش ہوئے اور انہوں نے اس پر بڑے شادیانے بجائے۔ وہ اس جذبے کے تحت کہ یہاں

پہ اسلامی نظام نافذ ہوگا۔ میں بھی بحیثیت مجموعی یقیناً اس اقدام کا خیر مقدم کروں گا۔ اس لئے کہ جو اقدام بھی آئے شریعت کے سلسلے میں، چاہے تھوڑا ہو، چاہے بہت ہو، بحیثیت مسلمان کے ہمارا فرض ہے کہ ہم اس کا خیر مقدم کریں۔

جن لوگوں نے اس کی مخالفت کی ہے تو میرے نزدیک وہ دو قسم کے لوگ ہیں۔ بعض تو وہ ہیں جو یہاں پر اسلام کا نام ہی سُننا نہیں چاہتے۔ اور میرے خیال سے افغانستان کے جہاد نے جو مسلمانوں میں جذبۂ عمل پیدا کر دیا ہے، اُس سے بڑی بڑی طاقتیں خوفزدہ ہیں اور ان کی کوشش یہ ہے کہ جہاں کہیں سے بھی اسلام کی آواز اٹھے تو ہم اسے دبائیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس آرڈیننس کے بعد وہ تمام لوگ اکٹھے ہو گئے کہ جو اس ملک کے اندر سیکولرازم لانا چاہتے ہیں اور علی الاعلان کہتے ہیں کہ یہاں یا تو ہم سیکولرازم لائیں گے یا کمیونزم لائیں گے یا سوشلزم لائیں گے بہرحال اسلام کے سوا جو کچھ بھی ہوگا وہ یہاں لانے کے لئے تیار ہیں لیکن اسلام لانے کے لئے تیار نہیں۔ اور بیرونی ذرائع ابلاغ نے ان تمام کی اسی بنیاد پر پشت پناہی کی کہ وہ سمجھتے تھے کہ شاید ہم نے اسلام کو ختم کر دیا ہے لیکن افغانستان کے جہاد نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اسلام آج بھی زندہ ہے اور ایک بڑی قوت ہے۔ اور یہ قوت اسلحۂ جدیدہ اور افرادی قوت کے محتاج نہیں۔ اس کے بغیر بھی اپنی منزل مقصود تک

[Qazi Abdul Latif]

پہنچ سکتے ہیں۔ بعض لوگ تو وہی تھے کہ جنہوں نے اس کی مخالفت کی ہے لیکن بدقسمتی سے بعض وہ لوگ جو اپنے آپ کو اسلام کا شیدائی کہتے ہیں اور جو یہ سمجھتے ہیں کہ ان کا اوڑھنا بچھونا اسلام ہے ان کی آواز بھی غیر شعوری طور پر یا غلط فہمی کی بنیاد پر ان لوگوں کی موید ثابت ہوئی کہ جو لوگ یہاں اسلام لانے کے متحمل نہیں ہیں اور اسلام کو یہاں کسی صورت میں برداشت نہیں کرتے۔ بہرحال یہ دو طبقات تھے۔

میں گزارش کروں گا کہ ہم اس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ میں اس مسودے کے بنانے والوں میں سے ہوں۔ میں اس میں بیٹھا ہوا تھا۔ لیکن میں یہ حقیقت واضح کروں گا کہ یہ آرڈیننس جو جاری کیا گیا ہے یہ وہ آرڈیننس نہیں ہے جو علماء نے بنایا تھا۔ ہمارے وزیر محترم نے ہمیشہ یہ سہارا لیا ہے کہ یہاں ہم ایسا قانون لانا چاہتے ہیں کہ جو متفقہ ہو اور یہ متفقہ کی تعریف آج تک ہمیں سمجھ نہیں آئی۔ شریعت بل کو بھی اسی بنیاد پر سرد خانے میں ڈال دیا گیا اور جس طریقے سے میں نے پہلے گزارش کی کہ اگر وہ (وزیر قانون) چاہیں تو بے گناہ کو گنہگار ثابت کر دیں اگر چاہیں تو ایک گنہگار کو معصوم ثابت کر دیں۔ یہ شریعت بل کو حبس دوام میں ڈالنا اور نویں ترمیمی بل کو حبس دوام میں ڈالنا، میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے وزیر قانون کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ان کو حبس دوام میں ڈلوا دیا ہے۔ کہ آج تک اس کو دوبارہ نکلوایا نہیں جا سکتا۔ اگر آپ نے اس

کو جس میں ڈلوایا ہے تو یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ اسے باہر نکالیں تاکہ اس پر ہم بحث کریں۔ ہمیشہ یہ کہا جاتا ہے کہ متفقہ، یہ لفظ متفقہ کا معنی مجھے سمجھ نہیں آتا۔ یہ جو آرڈیننس بنایا گیا ہے اس میں آپ سے زیادہ لائق وکیل موجود تھے۔ خالد اسحاق، ظفر الحق، جسٹس چیمہ اس میں موجود تھے۔ یہ وہ وکلاء اور ججز ہیں جو اپنے تجربے اور علم کے لحاظ سے آج مثالی کہلاتے ہیں۔ یہ وکلاء میں سے تھے۔ شیعہ، دیوبندی، بریلوی اہلحدیث علماء سب موجود تھے۔ جدید اور قدیم ججز، وکلاء اور علماء سب نے بیٹھ کر اسے مرتب کیا تھا لیکن اس کے بعد اس میں جو تغیر و تبدل ہوا ہے میں یہ نہیں کہوں گا کہ یہ کابینہ نے کیا ہے بلکہ میں یہ کہنے کی جسارت کروں گا کہ یہ ساری شاہکاری ہمارے وزیر انصاف کی ہے۔ اس لئے کہ اس کی تاریخ ہمارے سامنے ہے اور انہوں نے یہ کچھ کیا ہے۔

میں گزارش کروں گا یہ متفقہ ہے وہی کہ جس کے متعلق آپ کہتے ہیں کہ اسے متفقہ ہونا چاہیئے۔ سب کے لئے قابل قبول ہو۔ اگر وکیل کا قول بھی قابل قبول نہیں، جج کا قول بھی قابل قبول نہیں، دیوبندی کا بھی قابل قبول نہیں، اور بریلوی کا بھی قابل قبول نہیں، شیعہ کا بھی قابل قبول نہیں تو وہ کون سے لوگ ہیں کہ جن کا آپ اتفاق چاہتے ہیں؟ اس کے معانی یہ ہیں کہ صرف جس سے ہمارا وزیر عدل مطمئن ہو تو پھر وہ قانون متفقہ ہوگا ورنہ نہیں ہوگا۔ میرے پاس اس وقت وہ مسودہ موجود ہے

[Qazi Abdul Latif]

جو وہاں مرتب کیا گیا تھا۔ اور جس کے ہر صفحے پر ان تمام شرکاء کے دستخط موجود ہیں یہ وہ ڈرافٹ (مسودہ) ہے جو میں نے ان سے وصول کیا تھا۔ اس وقت بھی صدر صاحب کی موجودگی میں مجھے یہ کہا گیا تھا کہ جناب والا! آپ کو اتنا اعتماد نہیں ہے۔ تو میں نے یہی گزارش کی تھی کہ:-

خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

ہم سے پہلے بھی بہت کچھ کہا گیا ہے اور اس لئے میں ڈرتا ہوں کہ اس میں پھر تغیر و تبدل کیا جائے گا۔ اس کے ہر صفحے پر ان تمام لوگوں کے دستخط موجود ہیں کہ جو اس میں موجود تھے۔ اور یہ وہ ڈرافٹ (مسودہ) ہے۔ جو ہم نے وہاں مکمل کر کے ان کے حوالے کیا تھا کہ صرف آپ اس کا مسودہ بنائیں گے۔ یہ بات نہیں تھی کہ اس کے بعد بھی اس میں تغیر، تبدل ہوگا۔ اور اگر تغیر، تبدل کرانا تھا تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان کا اخلاقی فریضہ تھا کہ کم از کم ان لوگوں کو بلا لیتے جنہوں نے اس میں اپنا نظریہ ظاہر کیا تھا اور اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا کہ اس بنیاد پر ہم اس میں یہ چیزیں رکھوا رہے ہیں۔ پھر اخلاقی فریضہ یہ تھا کہ ہمیں بلوا کر ہمارے سامنے یہ تغیر و تبدل کراتے تاکہ ایک دوسرے کو قائل کر لیتے۔ میں بڑے ادب سے گزارش کروں گا، اپنے محترم، قابل احترام وزیر سے کہ خدا کے لئے اب وقت نازک ترین ہے اس وقت ملک جس نازک مرحلے سے گزر رہا ہے، آپ کو اندازہ غالباً مجھ سے زیادہ ہوگا۔ تمام وکلاء، تمام

دانشور، تمام ججز اور تمام علماء اور تمام پبلک اس پر متفق ہے کہ موجودہ قوانین جو انگریز کی جانب سے ہمیں ورثے میں ملے ہیں وہ ہماری مشکلات اور ہمارے مسائل کو حل کرنے سے قاصر ہیں۔ نہ یہ ہمارے مزاج کے مطابق ہیں نہ یہ ہمارے مسائل حل کر سکتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ دور غلامی کی یادگار ہیں۔ انگریزوں نے نوآبادیات سمجھ کر ہمارے لئے قانون بنایا تھا۔ جس کی طرف ہمارے محترم اخوندزادہ صاحب نے بھی اشارہ فرمایا۔ اور نوابزادہ صاحب نے بھی اشارہ فرمایا اور سب حضرات یہ اشارہ کرتے ہیں کہ یہ ناکام ہو چکا ہے۔ جب وہ ناکام ہو چکا ہے اور آپ نے کوئی نیا قانون لانا ہے تو خدا کے لئے ایک اندھیرے سے دوسرے اندھیرے میں ہمیں کیوں داخل کرتے ہو۔ اگر اندھیرے سے نکلنا ہے تو روشنی کی طرف آؤ۔ اس قانون کی طرف آؤ جو قانون خدا اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہمیں دیا ہے۔ وہ قانون نافذ کرو۔ ؎

بدلنا ہے اگر تجھ کو بدل جیسے عمر بدلا
جیسے بوجہل بدلا، اگر بدلا تو کیا بدلا

اگر تبدیلی لانی ہے اور واقعی قوم کو یہ بتلانا ہے کہ ہم تبدیلی لا رہے ہیں اور قوم کی امنگوں کے مطابق اور اس ملک کی امنگوں کے مطابق تبدیلی لائیں۔

میں یہ بھی گزارش کروں گا اپنے قابل احترام وزیر صاحب سے کہ آپ کو علم ہے کہ ہم دشمنوں میں گھرے ہوئے ہیں۔ ہمارے

[Qazi Abdul Latif]

پاس اتنا اسلحہ نہیں ہے۔ ہمارے ارد گرد جو بڑی طاقتیں پھیلی ہوئی ہیں اسلحہ کے ذریعے سے ہم ان کا مقابلہ کر سکیں، اتنا اسلحہ ہمارے پاس نہیں ہے۔ اتنے وسائل ہمارے پاس نہیں ہے۔ اتنی افرادی قوت ہمارے پاس نہیں ہے۔ یہاں پر حضرت عمرؓ کا وہ ارشاد مجھے یاد آتا ہے کہ جب وہ ایران کی طرف اپنی افواج کو روانہ کر رہے تھے تو انہوں نے فرمایا کہ بھئی دیکھو! ایران کی آبادی آپ کی آبادی سے زیادہ ہے۔ ان کے وسائل آپ کے وسائل سے زیادہ ہیں۔ ان کا اسلحہ آپ کے اسلحہ سے زیادہ ہے۔ ان کا راشن آپ کے راشن سے زیادہ ہے تو آپ کے پاس اگر قوت ہے تو صرف قوت ایمانی ہے۔ اگر آپ اسلحہ کی بنیاد پر ان سے مقابلہ کریں گے۔ ان کے دو ہاتھ ہیں آپ کے دو ہاتھ ہیں۔ ان کے دو پاؤں ہیں آپ کے دو پاؤں ہیں اور آپ بھی اسی طرح انسان ہیں جس طرح وہ انسان ہیں تو آپ کے پاس اگر ہے تو یہ صرف ہے کہ آپ اپنے اللہ کو اپنے سے راضی کر لیں۔ اس کو اپنے ساتھ ملا لیں۔ اور یہی وہ جملہ تھا کہ جب "ہرمزان" گرفتار ہو کر حضرت عمرؓ کے سامنے آیا تو آپؓ نے پوچھا ہرمزان ذلیل ہو کر ہمارے پاس آئے ہو۔ اس نے کہا عمرؓ خاموش رہو۔ تم کون ہو۔ وہی ہو جو اونٹوں کے چرواہے تھے۔ تم وہی ہو کہ تمہاری کفالت ہم کرتے تھے اور ہم آپ لوگوں کو امداد دیتے تھے اور اسی پر آپ کی کفالت ہوتی تھی۔ جب آپ اور ہم لڑتے تھے تو ہم غالب ہوتے تھے۔ ہماری اکثریت تھی، ہماری قوت تھی، ہمارا اسلحہ تھا۔ ہمارے پاس سب کچھ تھا۔ جب آپ کی اور

ہماری لڑائی ہوئی تھی تو ہم غالب آتے تھے۔ لیکن اب خدا آپ کی طرف ہو گیا ہے۔ اب خدا سے ہم نہیں لڑ سکتے۔ بات تو یہی ہے کہ بھئی اگر ہم نے خدا کو اپنے ساتھ ملا لیا۔۔۔ افلاطون نے موسیٰ علیہ السلام سے پوچھا تھا کہ اگر تمام دنیا کے مصائب تیر بن جائیں۔ خدا تیر انداز ہو۔ تو انسان کے بچنے کی صورت کیا ہو گی۔ تو موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہ بڑا آسان مسئلہ ہے۔ وہ یہ ہے کہ تیر انداز کے پہلو میں کھڑے ہو جاؤ۔ اگر تیر انداز کے پہلو میں کھڑے ہو جاؤ گے تو تیر آگے چلیں گے آپ کو نہیں لگیں گے۔

ہماری قوت ایمان سے ہے۔ ہماری قوت اسلام سے ہے۔ لیکن اسلام ہم نے وہی لانا ہو گا کہ جو قرآن اور سنت میں ہے۔ اب قرآن و سنت میں جو ہے وہ متنازعہ فیہ بنا دیا جاتا ہے۔ اب یہ کہنا بھی ایک فیشن بن گیا ہے کہ آج تک اسلام نہیں آسکا۔ کیوں؟ اس لئے کہ علماء میں اتفاق نہیں ہے اس میں ان کو گھسیٹا جاتا ہے اور یہی کہا جاتا ہے کہ ان میں اتفاق نہیں ہے۔ جب کہ ۲۲ نکات بنانے میں بھی سب علماء متفق تھے، آج تک وہ کیوں رائج نہیں ہوا مرزائیت کے مسئلے میں سب علماء متفق تھے۔ آج کیوں نہیں ہوا پرائیویٹ شریعت بل میں تمام علماء متفق تھے، تمام مکاتب فکر کے، آج تک کیوں نہیں ہوا۔ اور پھر یہ آرڈیننس وہی ہے کہ جس پر تمام مکاتب فکر کے علماء، وکلاء، ججز سب نے بیٹھ کر متفقہ طور پر بنایا تھا۔ اب اسے کیوں متنازعہ فیہ بنایا جا رہا ہے

[Qazi Abdul Latif]

تو میں گزارش کروں گا کہ خدا کے لئے اس کی رکاوٹوں کو دور کریں۔ اس کے سامنے مزید رکاوٹیں مت ڈالیں۔ جس جذبے سے یہ پیش کیا جا رہا ہے۔ اسی جذبے کے تحت اس پر عمل درآمد کرائیے ورنہ دنیا اسلام کے نظام سے مایوس ہو جائے گی۔ آج ہم اس قابل نہیں رہے کہ ہم گورباچوف کو کہیں کہ تم اپنے نظام کی تبدیلی کے لئے ہمارے نظام کو بھی دیکھ لو۔

میں پھر بھی اپیل کروں گا ان سے کہ اگر واقعی انہوں نے انسانیت کی خدمت کرنی ہے اور وہ مساوات لانی ہے جس کے اندر دکھی انسانیت کو آرام ملے تو پھر وہ ہمیں نہ دیکھیں اسلام کے نظام کو دیکھیں۔ مفتی نعیمی لدھیانوی صاحب نے فرمایا تھا کہ آج دنیا پریشان ہے۔ امن کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ لیکن اس کے لئے رکاوٹ مسلمان کا وجود ہے۔ اس لئے کہ جب دلائل سے ان سے بات کی جاتی ہے کہ بھئی امن کا راستہ یہ ہے تو وہ تسلیم کر لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ واقعی یہ بڑے زرین اصول ہیں۔ لیکن آخری سوال ان کا یہ ہوتا ہے کہ اگر آپ کے پاس اتنے زریں اصول موجود ہیں تو مسلمان قوم دنیا میں ذلیل کیوں ہے؟ اب اس کا جواب ہمارے پاس نہیں ہے۔ ہم کیا کہہ سکتے ہیں کہ ہم مسلمان ہوتے ہوئے بھی اسلام پر نہیں چلتے تو ان کو یہ حیرانگی ہوتی ہے۔ وہ اصولی اقوام ہیں کہ جو چیز ان کے ذہن میں آجاتی ہے اور جب وہ سمجھتے ہیں کہ یہ اچھی چیز ہے تو اس پر چلنا چاہئیے

لیکن ہم غلامی کی یادگار ہیں اور غلامی کا طوق آج تک ہمارے گلے میں پڑا ہوا ہے۔ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے اسی کے متعلق فرمایا تھا

فکر تو زنجیری افکار غیر
در گلوئے تو نفس از تار غیر
ارجمندی از شعارش می بری
من ندانم تو توی یا دیگری

تم وہی ہو کہ جو دنیا پر غالب تھے۔ یا تم بدل گئے ہو۔ یہ اقبال نے کہا تھا۔ میں نے نہیں کہا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ بھئی خدا کے لئے اگر دنیا کے اندر زندہ رہنا ہے، اس بے سروسامانی کے باوجود کہ ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں۔ میں اس پر کبھی بات کروں گا کہ ہمارے وسائل کیسے ہو سکتے ہیں لیکن بہرحال جس پوزیشن میں ہم ہیں، ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں، ہم مانتے ہیں۔ لیکن میں اتنا کہوں گا۔

سبب کچھ اور ہے تو جس کو خود سمجھتا ہے
زوال بندہ مومن کا بے زری سے نہیں
اگر جہاں میں مرا جوہر آشکارا ہوا
قلندری سے ہوا ہے تونگری سے نہیں

میں گزارش کروں گا کہ آپ اس کو راستہ دیجیئے اس کو سیدھے طریقے پر لائیے، بار بار میں اپیل کروں گا کہ خدا کے لئے آپ نے

[Qazi Abdul Latif]

اس کے اندر جو ترمیمات کی ہیں آپ نے اس کی روح کو نکال دیا ہے ، کیا کیا آپ نے ، اس کی میں ذرا نشاندہی کرانا چاہتا ہوں کہ اصل مسودے کے اندر تو یہ بات تھی کہ شریعت سے اسلام کے وہ احکام مراد ہیں جو قرآن پاک اور سنت سے ثابت ہیں ، اس پر اتفاق ہوا تھا لیکن کٹنگ وغیرہ کرنے کے بعد ، اب آپ نے اس کے اندر یہ کر دیا کہ شریعت سے اسلام کے وہ احکام مراد ہیں جو قرآن اور سنت میں مرقوم ہیں ، اب مجھے بتایا جائے کہ آپ نے کس فلسفے پر اس کو تبدیل کیا ہے ، میں بتلاتا ہوں کہ میں نے کس فلسفے پر یہ لفظ لکھوایا تھا ، آپ کو معلوم ہے مجھ سے زیادہ قانون کی تشریح کے لئے ڈاکٹر جارج پیٹر نے یہ کہا تھا کہ تین اصول ہیں ، لفظی اصول ہیں ، سنہرا اصول ہیں ، فسادی اصول ہیں ، جب آپ کسی قانون کی تعمیر کریں گے ، تشریح کریں گے تو سب سے پہلے آپ اس کے الفاظ کو دیکھیں گے ، اس کے الفاظ سے آپ ادھر اُدھر نہیں جا سکتے الفاظ پر اس کا دارومدار ہوتا ہے ، ہم بھی یہی کہتے ہیں ، بھئی ہمارا فلسفہ بھی یہی ہے ، ہمارے اسلامی اصول بھی یہی ہیں ، ہم نے کہا ہے کہ جب ایک لفظ ہے قانون میں تو اس میں کیا ہوگا ، اس میں ہم نے بتلایا ، اس کی نوعیت کیا ہے صیغے اور لغت کے لحاظ سے ، وہ لفظ خاص ہے ، عام ہے ، مشترک ہے کہ مئول ہے یہ چار الفاظ ہیں جس کا تعلق اسما کے صیغے سے ہے اور جس کا تعلق اس کی لغت سے ہے۔ صیغہ حرف

وہ ہیئت ہے، لغت اس کا مادہ کہلاتا ہے، ہم نے دیکھا ہے کہ اس لفظ کا مادہ کیا ہے اور اس کا صیغہ کیا ہے تو اس میں ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ خاص ہے، عام ہے، مشترک ہے یا مئوّل ہے، اس کے بعد ہم نے اس لفظ کو پھر دیکھنا ہوگا، میں ڈاکٹر جارج پیٹر کے لحاظ سے کہتا ہوں کہ جو انہوں نے اصول رکھے تھے اور آج کی دنیا کے اندر آپ کے ہاں بھی وہی اصول مروّج ہیں، کوئی جج ان اصولوں سے باہر جا کر کے قانون کی تشریح نہیں کر سکتا، پھر ہم نے یہ کہا ہے کہ اس کے بعد دیکھا جائے گا کہ یہ لفظ اپنے معانی کے لحاظ سے ظاہر ہے، نص ہے، مفسّر ہے کہ محکم ہے، یہ چار اور اقسامات ہیں پھر اس کے بالمقابل ہم یہ دیکھتے ہیں کہ یہ لفظ جو یہاں بولا گیا ہے کیا وہ اپنے معانی کے لحاظ سے خفی ہے، مشکل ہے، مجمل ہے، کہ متشابہ ہے، ہم نے اس کو دیکھنا ہوگا۔ آپ ہمیں کیوں اتنا جاہل سمجھتے ہیں کہ ہم الفاظ کے معنی کو نہیں سمجھتے یا اس کے ماخذ کو نہیں سمجھتے، آپ نے اس لفظ کو بدلوا کر کے ثابت کرنا ہوگا کہ یہ "ثابت" کے لفظ کو بدلوا کر کے آپ نے "مرقوم" کا لفظ کیوں لکھوایا، جب کہ میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اندر آپ نے ستیا ناس کر دیا ہے اس کا، اس کے بعد یہ بارہ اقسام ہو گئے، اور لفظ کے لحاظ سے میں کہہ رہا ہوں اس کے بعد ہمیں دیکھنا ہوگا کہ استعمال کے لحاظ سے وہ لفظ کیسا ہے، آیا حقیقت ہے، مجاز ہے، صریح ہے، اس کو کس طریقے سے استعمال کیا گیا ہے، یہی وہ دوسرا اصول ہے ڈاکٹر جارج پیٹر کا......

(مداخلت)

جناب وسیم سجاد : جناب والا! میں وضاحت کرنا چلوں غالباً laid down کا صحیح ترجمہ نہیں ہے اصل لفظ جو ہے وہاں پر مرقوم لفظ

The injunctions of Islam as laid down in Quran and Sunnah

as written down یہ جو Constitutional language تھی اس کو مرقوم ہوگا as 'laid down' کیا ہے reproduce ہم نے

جناب چیئرمین : آپ اپنے جواب میں پھر اس کی تشریح کر سکتے ہیں۔

جناب وسیم سجاد : وہ چونکہ اس پر کافی وقت لگا رہے ہیں، میں نے کہا یہ سمجھا دوں کہ ترجمہ شاید صحیح نہیں ہے۔

قاضی عبداللطیف : میں آپ کا ممنون ہوں، اس لئے میں نے اپنے آخری نوٹ میں یہ کہا ہے کہ آپ نے وہاں کہا تھا کہ مستند متن صرف انگریزی ہوگا، اور میں نے اس پر یہ کہا ہے کہ مستند متن دونوں (اردو، انگریزی) یکساں ہوں گے، تو آپ اگر ہمیں یہ حق دے دیں گے تو پھر میرا خیال ہے کہ ہماری یہ مشکل حل ہو جائے گی، اس کے بعد یہ ہے کہ جس کے لئے میں نے یہ ثابت کا لفظ کہا ہے کہ آیا یہ عبارت النص ہے، دلالت النص ہے، اشارۃ النص ہے، یا اقتضاء النص ہے، یہ کیا ہے، اب جب آپ کہتے ہیں کہ "مرقوم" مرقوم کا معنیٰ یہ ہے، بیان کا معنیٰ یہ ہے کہ جو عبارۃ النص سے ثابت ہو وہ تو اس میں آجائے لیکن جو دلالت النص ہو، جو اشارۃ النص ہو، جو اقتضاء النص ہو، وہ اس میں نہیں آئے گا اور اگر آپ ثابت کا لفظ رکھتے ہیں، مثال کے طور پر مہاجرین کے متعلق لفظ استعمال

کیا گیا تھا کہ جو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کر گئے تھے کہ فقراء المہاجرین ، اب لفظ فقراء کا استعمال کیا گیا ، فقیر وہ ہوتا ہے کہ جس کی کوئی ملکیت نہیں ہوتی ان میں سے بہت سے حضرات وہ تھے کہ مکہ معظمہ میں بڑے صاحب جائیداد تھے ۔ ان کے پاس بڑی دولت تھی ، سب چھوڑ چھاڑ کے وہ مدینہ منورہ چلے گئے تھے ، وہاں پر جانے کے بعد ان کو لفظ قرآن کریم نے فرمایا ہے کہ فقراء المہاجرین ، اب اس لفظ میں یہ تو آگیا ہے کہ وہ فقراء المہاجرین ہیں ، ٹھیک ہے جب فقراء ہیں وہ زکوٰۃ کے مستحق ہو گئے ، لیکن اس سے ہم اشارۃ النص سے یہ بھی نکالتے ہیں کہ یہ لوگ جب وہاں چلے گئے ہیں اور وہاں ان کی جائدادیں ( مکہ شریف کی ) چھوٹ گئی ہیں ، وہ کافر ان کے مالک بن گئے ہیں ، اچھا کافر ان کے مالک بن گئے ہیں اس کا فائدہ کیا ہو گا اگر کوئی مسلمان جاکر ان سے وہی مال خریدتا ہے تو یہ بیع جائز ہو گی ۔ وہ جو خریدار ہے تاجر ہمارا اور ہمارے لوگوں کا مال انہوں نے وہاں خریدا ہے وہ اس کا مالک بن جائے گا اور وہ اسے استعمال کر سکتا ہے تو میں گزارش کروں گا کہ اگر لفظ " ثابت " کا آئے گا قرآن کریم میں ہے کہ اپنے والدین کو اُف کا لفظ مت کہو ، اب اگر ہم مرقوم کا لفظ کہتے ہیں ، ہم بیان کا لفظ کہتے ہیں تو یہ معنی ہو گا کہ والدین سے اُف کا لفظ تو مت کہو لیکن یہ کہاں سے ثابت ہو گا کہ ان کا مارنا بھی ناجائز ہے ، ان کا گلا گھونٹنا بھی ناجائز ہے ، ان کو ایذا دینا بھی ناجائز ہے ، یہ آپ دلالت النص سے ثابت کرائیں گے کہ بھئی یہ اسی کے اندر آجاتا ہے کہ دلالت النص یہی ہے اور ڈاکٹر

[Qazi Abdul Latif]

پیٹر نے یہ کہا تھا کہ ہم پہلے پہلے یہ کریں گے کہ اس لفظ کے جو معمول کے معنیٰ ہیں وہی لیں گے لیکن جب تک یہ کسی دوسری دفعہ سے صراحتاً متصادم نہ ہو اور یہ اس دفعہ کو مہمل نہ بنا دے۔ ہم بھی یہی کہتے ہیں کہ بھئی اگر کوئی لفظ اپنے اصلی معنیٰ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا، پہلے تو اس کو اپنے اصلی معنیٰ پر استعمال کریں گے جو اس کا حقیقی ہے اور اس کے بعد اگر وہاں وہ حقیقی لفظ استعمال نہیں ہو سکتا تو ہم اس سے مجاز لے سکتے ہیں، لیکن اس کو ہمیں دیکھنا ہوگا، اصطلاح اس کی کیا ہے، صلوٰۃ کے لفظ کا معنیٰ ہے "دعا"، لیکن شریعت کی اصطلاح کے اندر اس کا معنیٰ ہے ارکان مخصوصہ، اب ارکان مخصوصہ کے لئے اس میں شرائط ہیں اور اس کا طریق کار ہے، وہ کیا ہوگا، کس طریقے سے ہوگا، اب یہ لفظ مجازاً ہم نے استعمال کیا ہے لفظ کا معمول معنیٰ، وہ ہم لیں گے اس وقت تک کہ جتنے تک یا تو وہ حکم مہمل نہ بن جائے اور یا یہ ہے کہ وہ کسی دوسری دفعہ سے متصادم نہ ہو تو ہم لیں گے۔

جناب والا! ہم نے دیدہ و دانستہ یہ لفظ بڑے بحث مباحثے سے لکھوایا تھا، پھر آپ لوگ ہمیں طعنہ دیتے ہیں کہ مولوی بڑا تنگ نظر ہے، ایک ایک لفظ پر بحث کرتا ہے، کیا کریں بھئی پہلے بھی ہم نے یہ گزارش کی تھی کہ بھئی یہاں لفظ "ثابت" کا لاؤ، تین مرتبہ یہ لفظ ثابت کا لایا گیا ہے لیکن اس کے بعد پھر اسے بدلا گیا ہے، کہیں لکھ دیا

جاتا ہے کہ قرآن و سنت میں بیان ہو، کہیں لکھا جاتا ہے کہ جو قرآن و سنت میں مرقوم ہو، بھئی بیان اگر ہو تو صرف وہ نص تک تو آجائے گا جو عبارت النص ہے وہ دوسرے معانی جو آپ ان سے نکالتے ہیں وہ کہاں سے آپ نکالیں گے تو میں گزارش کروں گا کہ جناب والا! اس لفظ کے لانے کا ہمارا مدعا یہ تھا اور اس کے بغیر آپ خود ہی تنگی میں پڑ جائیں گے، آپ کو اس وقت اسلام اگر اس زمانے کے مطابق چلانا ہے تو آپ کو استدلال کے ذرائع عام کرنے ہوں گے، آپ کو احکام کے ذرائع عام کرنے ہوں گے تاکہ اس کے اندر آپ اجتہاد کو لا سکیں، ہم نے کب کہا تھا کہ اجتہاد ناجائز ہے ...... ہم نے کب کہا تھا کہ اجتہاد نہیں ہو سکتا۔ میں جانتا ہوں آج کی دنیا میں صنعتی انقلاب نے ہمارے مسائل کی نوعیت بدل دی ہے اور اس کے لئے اجتہاد کی ضرورت ہے۔ یہ سارا مالی معاملہ جو آج آگیا ہے یہ نئے رخ کا آیا ہے، آج کی پیداوار ہے اور آج کی اس اجتماعی زندگی کی پیداوار ہے۔ اب ہم نے ان مسائل کو حل کرنا ہے اس کے لئے میں یہ بھی مانتا ہوں کہ اجتماعی اتحاد کی ضرورت ہے۔ اجتماعی اتحاد کا معنی یہ ہے آپ علماء کو بھی بٹھایئے اور ان ماہرین کو بھی ساتھ بٹھایئے جو آج کے مسائل کو حقیقتاً جانتے ہیں اور وہ انہیں سمجھائیں کہ ان میں یہ مشکلات ہیں۔ ان کا حل کس طریقے سے ہو سکتا ہے یہ ہے اجتماعی اجتہاد اور یہ اجتہاد ہم اسمبلی کو دینے کے لئے تیار ہیں، کیشن کو دینے کے لئے تیار ہیں جو اس کے اہل ہوں ان سب کو دینے کے لیئے تیار ہیں

[Qazi Abdul Latif]

جو اس کے اہل ہوں ان سب کو دینے کے لئے تیار ہیں لیکن خدا کے لئے آپ اس کے اندر اہلیت کو تو لائیے۔

اجتماعی اجتہاد آج کے مسائل کا وہ حل تلاش کر سکتا ہے اور انفرادی اجتہاد بھی جائز ہے لیکن ان مسائل میں جو انفرادی مسائل ہیں ان میں انفرادی اجتہاد کیا جائے گا۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے اس میں انفرادی اجتہاد کہا گیا ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جو روایت ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ آپ ایک شخص کی رائے پر نہ جائیں جتنے تک اجتماعیت نہ ہو۔ اجتماعیت بھی وہاں ثابت ہے انفرادیت بھی وہاں ثابت ہے، دونوں وہاں ثابت ہیں تو میں عرض کروں گا آج ہم اسی دنیا کے پلے ہوئے ہیں اور آج ہم اس دنیا کے مسائل سے بھی دو چار ہیں صرف آپ نہیں ہیں۔ ہم بھی یہ کہتے ہیں کہ آج کے مسائل ہمیں درپیش ہیں اس کا حل کیسے ہونا چاہیئے، اس لئے میری گزارش یہ ہے کہ آپ نے اس کے اندر تغیر و تبدل کیا، کم از کم ہم سے تو پوچھ لیتے اور یہی وجہ ہے کہ شریعت بل میں ہم نے بارہا آپ سے کہا بھئی آیئے سنجیدگی سے اس پر بیٹھ کر بات کر لیں لیکن آپ لوگوں نے کبھی اس کو سنجیدگی سے نہیں لیا تھا اور آپ نے اس کو حبس دوام میں ڈلوا دیا ہے۔ میں آپ سے کہوں گا کہ خدا کے لئے اب اس کی قید کو معاف کرو اور اسے دوبارہ لاؤ۔ تو یہ ہے وہ لفظ جس کے متعلق میں کہتا ہوں اور جس کو آپ لوگوں نے تبدیل کر دیا ہے۔ میں کسی کی نیت پر حملے کرنے کا مجاز نہیں ہوں نہ مجھے یہ حق ہے کہ آپ نے بدنیتی سے کیا

ہے لیکن آپ اسے سمجھے نہیں ہیں۔آپ اتنا تو سوچ لیتے کہ ان لوگوں نے جو بار بار ...... اور یہاں پر یہ لکھا ہوا دیکھئے - یہاں پر cutting ہے - یہاں پر cutting ہے اور یہ صاف لکھا گیا ہے کہ قاضی عبداللطیف کا بار بار اس پر اصرار ہے کہ لفظ ثابت کا ہونا چاہئے۔ یہ میرے پاس موجود ہے وہ رف (مسودہ) جو ہے تو ایک تو ہے یہ لفظ - دوسرا اس کے اندر جو تشریح کی گئی ہے جس طریقے سے میں نے گزارش کی تعبیر و تشریح کے لئے۔آج کی دنیا کے اندر مستقل ابواب رکھے گئے ہیں جس طریقے سے میں نے آپ کو پہلے جارج پیٹرن کی مثال دی۔ اس کا تیسرا اصول فسادی تھا اور یہ کہلایا تھا اس قانون کے بنانے سے کونسا فساد مٹانے کا ارادہ ہے اور کونسی بھلائی اس کے اندر ثابت کرنے کا ارادہ ہے اور وہ وہاں صاف کہتا ہے بھئی ہم پارلیمنٹ کے ارادے کو متعین نہیں کرسکتے۔ہمیں یہ حق نہیں پہنچتا کہ ہم یہ کہیں کہ ان کا ارادہ یہ ہے، البتّہ یہ ہے کہ قانون کے الفاظ سے ہم ان کے ارادے کو معلوم کریں یہی الفاظ ہیں کہ قانون کے الفاظ لے کر ہی ہم ان کے ارادے معلوم کریں گے، ہم بھی تو یہی کہتے ہیں کہ قانون کے الفاظ کو لے کر جو خدا نے کہے ہیں۔جو خدا کے رسول نے کہے ہیں جو خلفائے راشدین نے کہے ہیں ان کے الفاظ کو لے کر آپ ان کی نیت کا تعین کرسکتے ہیں کہ اس سے مراد ان کی کیا ہے۔اب اگر آپ اسے تفسیر و تعبیر کے سارے الفاظ حذف کر دیتے ہیں تو اس کا معنیٰ یہ ہیں کہ آپ نے اس کو ایسا مجمل بنا دیا ہے جس

[Qazi Abdul Latif]

کی تفسیر بغیر مفسر کے کوئی کر نہیں سکتا۔ مجمل وہی لفظ کہلاتا ہے جس کی تفصیل کے لئے متکلم سے پوچھنا پڑتا ہے کہ بھئی آپ نے یہ لفظ جو کہا ہے اس سے آپ کی مراد کیا ہے۔ اجمال کا معنیٰ یہ ہے اب آپ یہاں پر جو الفاظ لائے ہیں۔ آپ ذرا اس پر خدا کے لئے سوچیئے۔ بھئی میرا یہ گھر کا معاملہ نہیں ہے۔ میرا ذاتی معاملہ نہیں ہے ۔خدا کی قسم میں اس کو اپنے وقار کا مسئلہ نہیں بنا رہا۔

وہاں پر ہم نے جو لکھا تھا وہ الفاظ بھی سُن لیجئے اور اس کے بعد آپ نے جو تغیر و تبدل کیا ہے اس کو بھی سن لیجئے۔ ہم نے وہاں یہ تشریح لکھی تھی۔ شریعت کی تفسیر و تعبیر میں قرآن مجید اور سنّت کی تفسیر و تشریح کے مسلّمہ اصول و قواعد کی پابندی کی جائے گی۔ اب یہ وہی تو ہے جو آج کے تعبیر قانون کا مستقل باب ہے اور تعبیر قانون کس طریقے سے ہو گی۔ ہم نے یہی کہا تھا کہ آپ اس کی تعبیر جو کریں گے اس کا طریقۂ کار کیا ہوگا اور رہنمائی کے لئے اسلام کے مسلّمہ فقہاء کی تشریحات اور آراء کا خیال رکھا جائے گا۔ اس کے بعد یہ الفاظ ہیں۔" جیسا کہ دستور کے آرٹیکل ۲۲۷ (۱) کی تشریح کا ذکر کیا گیا ہے ہم نے بھی کہا تھا کہ ۲۲۷ کے اندر شق نمبر ایک جو بڑھائی گئی ہے اور ۲۲۷ میں جو ترمیم کی گئی ہے اور مسلّمہ فرقوں کو شخصی قوانین کے لحاظ سے اپنی فکر اور اپنے علماء کی پیروی کرنا ہو گی لیکن پبلک لاء

تو آپ نے چھوڑ دیا اس کی تشریح و تفسیر کیسے ہوگی، کہاں سے ہوگی یہی ہم نے یہاں پر لکھا تھا کہ اس کی تفسیر و تعبیر کے لئے قرآن مجید اور سنت کی تفسیر و تشریح کے مسلّمہ اصول اور قواعد کی پابندی کی جائے گی۔ اگر یہ ایک علمی مسئلہ ہے، یہ ایک عقلی مسئلہ نہیں ہے، آج آپ اس کو فلسفے کی بنیاد پر اپنی عقل کی بنیاد پر ثابت کریں، یہ اصول پہلے سے لکھے ہوئے ہیں جس طریقے سے علمی دنیا کے اصولوں سے آپ انحراف نہیں کر سکتے تو شرعی اصولوں سے بھی آپ انحراف نہیں کر سکتے اگر آپ اس سے انحراف کریں گے تو یہ شریعت نہیں کہلائے گی۔ آپ اس کا اور جو نام رکھیں یہ آپ کی مرضی ہوگی لیکن اس کو شریعت نہیں کہا جائیگا۔ آپ کے الفاظ اس میں یہ ہیں تشریح — بس یہاں سے شروع ہوتا ہے۔ "جیسا کہ دستور کے آرٹیکل ۲۲۷ میں مرقوم ہے کسی مسلم فرقہ کے کسی شخصی قانون کے ضمن میں شریعت کی تشریح و تعبیر میں قرآن پاک اور سنت کے الفاظ سے مراد اس مسلم فرقہ سے مطابق قرآن پاک و سنت کی تشریح و تعبیر ہوگی"۔ صرف شخصی قوانین کے متعلق آپ نے کہہ دیا اور یہ بھی آپ نے اس مسلم فرقے کو حق دے دیا ہے اس کی تشریح و تعبیر کا تو اس کو آپ نے حق دے دیا ہے لیکن پبلک لاء کو آپ نے چھوڑ دیا ہے۔ میرے شخصی قانون کو آپ نے چھوڑ دیا ہے اور دوسروں

[Qazi Abdul Latif]

کے شخصی قانون کو آپ نے چھوڑ دیا ہے آخر اس کے اندر کونسا نکتہ تھا وہاں وہ عبارت ہے یہاں یہ عبارت ہے وہ عبارت میرے نزدیک میں دعوے سے کہتا ہوں کہ جامع ہے اور اس سے آپ غلط فہمی سے محفوظ ہو جائیں گے میں کیا عرض کروں میں نے اس کے اندر آپ کو اجتہاد کا حق دے دیا ہے۔ صرف اتنی بات کی ہے کہ ان اصولوں کے مطابق یہ اجتہاد ہونا چاہیئے کہ جو اصول متعین کیئے گئے ہیں اب اگر خدانخواستہ خدانخواستہ ایسی صورت بنتی ہے، تو ان اصولوں کی تغلیط ثابت ہو جاتی ہے یہ ایک علمی مسئلہ ہے اور ماہرین علم اس کو ثابت کر سکتے ہیں اگر ہنر دکھلانا ہے تو اہل کمال کے پاس بیٹھو ان سے بات کرو۔ دین سے مراد کیا ہے ان کے اصولوں کی جانچ پڑتال کرو۔

آج بھی ہم کہتے ہیں کہ آج کے مسائل نئے پیدا ہوئے ہیں لیکن میں دعوٰی سے کہتا ہوں ان مسائل کا حل آپ کو ان ہی اصولوں سے ملے گا۔ خدا کی قسم ہے ان سے ملے گا۔ یہ کیوں کہا جاتا ہے کہ علماء نے آج تک کچھ نہیں بتایا۔ مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ (کراچی والے) مالیات کے متعلق لکھ چکے ہیں۔ سود کے متعلق لکھ چکے ہیں۔ آج کے ان مسائل کے متعلق انہوں نے لکھا ہے اگر وہ انفرادی کہلاتا ہے ان کو بھی سامنے رکھ کر اجتماعی طور پر ان پر غور کرو۔ ماہرین موجودہ قوانین کو بنکنگ کے، بیمہ کے، اور سٹے کے، اسی طریقے سے قیمتوں

کے نشیب و فراز کے، زر مبادلہ کے نشیب و فراز کے، کہ قیمت بڑھتی ہے، کم ہوتی ہے، اب ہم کیا کریں گے۔ کس کا اعتبار کریں گے۔ آج سودا ہوا ہے اور ہمارے روپے کی قیمت کم ہوگئی ہے اور اس کو کیا دینا ہوگا۔ یہ ایسے مسائل ہیں کہ جو سوچنے کے ہیں۔ اگر آپ یہ کہہ دیں گے کہ یہ فلاں مسئلہ ہے۔ اس کا حل کیا ہے؟ یہاں پر یہ بات نہیں ہے بھئی اصولی بات کرو اور اجتماعی طور پر بیٹھ کر اس پر غور کراؤ اور خود بھی غور کرو۔ اس طریقے سے ہم اس گرداب سے نکل سکیں گے۔ جو آپ نے آرڈیننس بنا دیا ہے اس میں تو آپ نے ہمیں مزید گرداب میں ڈال دیا ہے۔ اس کی روح اس سے نکل گئی ہے۔

میں گزارش کروں گا کہ تشریح اور تعبیر میں جو آپ نے تغیر و تبدل کیا ہے میں اس کے سخت خلاف ہوں۔ تعریف کے اندر جو آپ نے وہ لفظ تبدیل کیا ہے میں اس کے سخت خلاف ہوں۔ میں نے اسی پر بطور تجاویز کے قریشی صاحب کو اپنی چند تجاویز دی تھیں۔ مجھے معلوم نہیں ہے کہ وہ ان کے پاس ہیں یا آپ تک پہنچی ہیں اور ان کا کیا حشر ہوا ہے۔ بہر حال میں دریافت کروں گا کہ وہ کہاں ہیں، کس کے پاس ہیں، اور ان کا کیا حشر ہوا ہے۔ اس معزز ہاؤس میں ہمارے قابل احترام وزیر نے یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ جو آپ کی تجاویز آئیں گی ان کا خیر مقدم کیا جائے گا۔

[Qazi Abdul Latif]

اسی بنیاد پر میں نے وہ تجاویز دی ہیں۔ اگرچہ آپ کہتے ہیں کہ دائرہ محدود کر دیا ہے اور اس محدود دائرے سے آپ باہر نہیں نکل سکتے، اس میں ترمیم آپ نہیں لا سکتے۔ آپ نے اس کی روح کو نکال دیا ہے، اب اس کی روح کو کیسے دوبارہ لائیں گے۔ سرنج لگا کر آپ نے اس سے سارا خون چوس لیا ہے۔ اب نہ کسی نے شور سنا، نہ بندوق کے فائرنگ کی آواز سنی ہے اور سارے کا سارا خون اس سے نچوڑ لیا گیا ہے۔ اب میں اس کے متعلق کیا کہوں اور اس کی کیا تعریف کروں۔ دنیا کیا سمجھے گی کہ یہ شریعت آئی ہے جب آپ قانون سازی کریں گے اور اس کے اندر اگر آپ ان چیزوں کا خیال و لحاظ نہیں رکھیں گے تو کون اس کی اصلاح کرے گا۔ خدارا اس کو ذرا سوچو، اس کے اندر انہی اصولوں کو آپ دیکھ لیں، اس کے بعد پھر آپ قانون سازی کر سکتے ہیں۔

تیسری چیز جس کے متعلق ہمارے نواب زادہ صاحب نے بھی اشارہ کیا تھا وہ تھی اسلام کی بالادستی، شریعت کی بالادستی۔ یہاں آپ نے نویں ترمیمی بل کی عبارت کو بھی مسخ کر دیا ہے۔ نویں ترمیمی بل کی عبارت بھی اس سے مختلف تھی۔ اس میں آپ نے یہ لکھ دیا ہے "شریعت کی بالادستی" عنوان یہ ہے۔ "شریعت پاکستان میں اعلیٰ ترین سرچشمہ قانون اور مملکت کی حکمت عملی کی ترتیب میں ہدایت عظمیٰ ہوگی اور اسے مندرجہ ذیل طریقے سے نافذ کیا جائے گا" ٹھیک میں یہ پوچھتا ہوں آپ نے اس کو سرچشمۂ قانون تو بنا دیا۔ یہ سرچشمۂ قانون اس وقت ہے جب آپ کو اجتہادی مسائل درپیش ہوں۔ ہم نے جو وہاں الفاظ لکھے تھے وہ الفاظ یہ تھے "شریعت پاکستان کا اعلیٰ ترین قانون

ہوگی اور اسے مذکورہ ذیل طریقے سے نافذ کیا جائے گا اور کسی دیگر قانون رواج یا دستور العمل میں نافذ کسی امر کے علی الرغم موثر ہوگی"۔ ہم نے یہ بات کہی تھی۔ اس میں دونوں چیزیں لائی گئی ہیں۔ سرچشمۂ قانون بھی بن گیا ہے۔ اور جو تصریحات ہیں قرآن وسنت میں، وہ بھی اس میں آگئی ہیں۔ آپ نے سرچشمۂ قانون کہہ کر کے ان مسائل کی طرف تو اشارہ کر دیا ہے کہ جو اجتہاد کے ذریعے سے ہم نکالیں گے۔ پھر اس کے لیے بھی آپ نے کوئی حدود متعین نہیں کی ہیں وہ تعبیر کے الفاظ بھی آپ نے کاٹ دیئے ہیں۔ اب سرچشمۂ قانون جو ہوگا اور اسے آپ اور میں نکالیں گے اگر ہمارے سامنے وہ اصول نہیں ہوں گے جو تعبیر قانون کے ہوتے ہیں تو ہم اس سرچشمۂ قانون سے قانون کیسے نکالیں گے۔ ہمیں اس الجھن سے چھڑائیے۔ ہم نے یہ کہا تھا کہ قرآن وسنت کے اندر جو قوانین ہیں وہ بالا ہیں۔ اس کے بعد جو قوانین آگے بننے والے ہیں اس کے لئے یہ سرچشمۂ قانون ہوگا۔ دونوں اس چیز میں آگئی تھیں۔ لیکن آپ نے وہ اس میں سے کاٹ کر کے صرف سرچشمۂ قانون تو بنا دیا ہے اور جو اس کی تصریحات ہیں، جو قوانین اس کے اندر مذکور ہیں۔ اس کے متعلق کوئی تذکرہ ہی نہیں۔

میں گزارش کروں گا کہ خدا کے لئے آپ ان عبارتوں کو دوبارہ سوچیئے اس کے اندر اگر یہ عبارت آجائیگی تو یہ صحیح طریقے سے اسلام کی ترجمانی ہوگی اور تمام دنیا اس سے مطمئن ہوگی۔ جس طریقے سے میں نے پہلے گزارش کی تھی کہ اس کے اندر صرف یہ نہیں تھا کہ آپ کہیں کہ مولوی آج کے قانون کو

[Qazi Abdul Latif]

کیا جاتا ہے ۔ خالد اسحٰق بھی اس میں موجود تھا ۔ ظفر الحق اور افضل چیمہ بھی اس میں موجود تھے ۔ آپ کا اٹارنی جنرل بھی اس میں موجود تھا ۔ وزارت قانون کا سیکرٹری بھی موجود تھا اور سب نے اس چیز کو تسلیم کیا تھا ۔ اگر ان کا موجود ہونا بھی اتفاق نہیں ہے اور زین العابدین کا موجود ہونا بھی اتفاق نہیں ہے ۔ تقی عثمانی کا موجود ہونا بھی اتفاق نہیں ہے ۔ میں تو ایک طالب علم ہوں میری موجودگی کو تو آپ چھوڑ ہی دیجئے اور مفتی محمد حسین نعیمی کی موجودگی بھی اتفاق نہیں ہے ، علامہ مصطفیٰ الازہری بھی اس میں موجود ہیں ۔ مفتی غلام سرور بھی اس میں موجود ہیں ۔ یہ پالی پوتہ صاحب اس میں موجود ہیں اور عرفانی بھی اس میں موجود ہیں ، یہ سب حضرات جو مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھتے ہیں اس میں موجود تھے ۔ رضی صاحب مجتہد بھی موجود ہیں ۔ اور نصر الاجتہادی بھی موجود ہیں اگر یہ اتفاق سے نہیں بنا تو میں پھر سمجھتا نہیں ہوں کہ اتفاق کا معنی کیا ہے ۔ لکھوی صاحب جو اہل حدیث کے رہنما ہیں اس میں موجود ہیں اور ان سب نے اس پر اتفاق کیا ہوا ہے اور سب کے دستخط موجود ہیں ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کو ہم کونسا طریقہ بتائیں کہ آپ کو یقین آجائے کہ یہ اتفاق سے بنا ہے ، یہ متفقہ ہے اور یہ قابل عمل بن گیا ہے ۔ وہ ہمیں آپ طریقہ بتا دیجیئے تاکہ اس طریقے سے ہم آپ کے ساتھ چلیں ۔

شق نمبر چار کے اندر عدالت شریعت کے مطابق مقدمات کا فیصلہ کرے گی۔ اب اس کی ذیلی دفعات ہمارے مسودے میں دس ہیں۔ آپ نے اس کے اندر گیارہویں دفعہ کا اضافہ کر دیا ہے۔ اور گیارہویں دفعہ کے اندر آپ نے یہ تصریح کر دی ہے کہ اگر مرافعہ کے ذریعے سے کوئی مسئلہ، کوئی مقدمہ یا کوئی قانون یا حکم عدالت عالیہ کو بھیجا جائے لیکن جس عدالت میں یہ کیس چل رہا ہے یہ مروجہ قانون کے تحت چلتا رہے گا اور اسی کے مطابق وہ فیصلہ کرے گی۔ اب آپ ذرا اس عبارت کو سوچیئے کہ جو نمبر چار میں ہے ......

<u>جناب چیئرمین</u> : قاضی صاحب اور کتنا وقت آپ لیں گے۔

<u>قاضی عبداللطیف</u> : جی جس وقت آپ فرمائیں گے میں بیٹھ جاؤں گا۔ لیکن سوال یہ ہے ......

<u>جناب چیئرمین</u> : نہیں جو آپ فرما رہے ہیں وہ صحیح ہے لیکن ایک وقت پہ ہم نے ایک دو چیزیں اور شروع کرنی ہیں۔ دو ایڈجرنمنٹ موشنز ہیں ان پہ بحث ہونی ہے۔ اگر آپ اگلے دن continue کرنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔ اگر اور پوائنٹس ہیں جن کی آپ نے نشاندہی کرنی ہے اور یہی وزیر صاحب کی مرضی تھی کہ ان کی نشاندہی کی جائے تو پھر آئندہ بحث میں آپ دوبارہ شروع کر لیں۔

قاضی عبداللطیف : ٹھیک ہے جی آئندہ بحث میں دوبارہ شروع کر لوں گا۔

CALL ATTENTION NOTICE *Re :* LANDING OF PK 301 FLIGHT AT KARACHI.

**Mr. Chairman :** Then we move to the next item. Call Attention Notice regarding :

"The faulty landing of PK 301 flight at Karachi Airport as a result of which a few passengers received minor injuries during evacuation from emergency exits".

اس کے متعلق آپ نے سوال پوچھا ہے اور وزیر متعلقہ آپ کو جواب دے دیں گے۔

جناب محمد طارق چوہدری : شکریہ جناب چیئرمین ! کراچی ائیر پورٹ پر پی آئی اے کی ایک پرواز پی کے ۳۰۱ کی ہنگامی لینڈنگ کے بارے میں فرنٹیر پوسٹ میں ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے۔ اس میں بتایا گیا ہے کہ پہلے بھی اس طرح کے واقعات ہوئے ہیں لیکن یہ اتفاق ہے کہ کوئی بڑا حادثہ وقوع پذیر نہیں ہوا اور کوئی زیادہ نقصان نہیں ہوا ہے۔ لیکن رپورٹ میں یہ بتایا گیا ہے کہ یہ جہاز ڈی سی ۱۰ کے بدلے میں کینیڈا سے غالباً لئے گئے تھے اور جب یہ جہاز کینیڈا سے لئے گئے تھے تو اس وقت بھی یہ اپنی غالباً ۴۵۰۰ گھنٹے کی پرواز مکمل کر چکے ہوئے تھے۔ ان کی خریداری اور تبادلے میں بھی غالباً کسی طرح کا کوئی لین دین شامل ہو گا۔ بہر حال اس کے بارے میں وزیر اپنا جو وضاحتی بیان دیں گے اس سے ساری صورت حال سامنے

آجائے گی میں انہی سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنا بیان دیں۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! جناب وسیم سجاد صاحب۔

**Mr. Wasim Sajjad :** Sir, the honourable Senator has drawn attention to the incident which occurred in respect of flight PK 301 on the afternoon of the 6th of August, 1988. The facts are — that a Boeing Aircraft 747 of PIA while operating flight No. PK 301 from Islamabad to Karachi could not stop on the runway and went on to the over-run covering approximately 500 feet. A preliminary inquiry conducted by the Director-General, Civil Aviation Authority revealed that some passengers also received injuries in this incident. The Director-General with the approval of the Federal Government has entrusted the inquiry into this incident under Rule 329 of the Civil Aviation Rules, 1978, to a Board of Investigators consisting of the following persons :

(1) Air Commodore Abdul Basit,
President of AIB. He will be the Investigator Incharge.

(2) Capt. Farmanuddin,
Director, Karachi Airport.

(3) Capt. Shaukat Khan,
Chief Flight Inspector,
PIA — Investigator.

(4) Mr. Ghulam Jaffar,
Controller of Airworthiness—
Investigator.

(5) A representative from PIA may be co-opted, if necessary.

The Board of Investigators have been asked to enquire into the circumstances under which the aircraft Boeing 747 operating flight PK 301 on 6th of August, 1988 during the landing overshot the runway on to the over run and the circumstances under which the evacuation of the passengers from the said aircraft was carried out. The Board is also required to assess damage to the aircraft, runway systems and injuries to the passengers and to apportion blame, if any. The Board will also recommend the measures to avoid such recurrence and submit its report to the Director-General, Civil Aviation Authority as soon as possible.

[Mr. Wasim Sajjad]

Sir, in view of the fact that an investigation has been ordered, it might be premature to either discuss this matter or to further extend the discussion in this House. I would like to assure the honourable Senator that once the Investigation Report is received we will bring the findings to the notice of the Standing Committee of the House dealing with defence, aviation matters etc., so that the Committee can also take into account the findings and make recommendations, if any, that they may want to do.

**Mr. Chairman :** Thank you. I think, this satisfies the requirement of Rule 59(5). It was a Call Attention Notice and the Minister has made a statement explaining the position.

میر اعجاز علی خان جتوئی : کورم پورا نہیں ہے ۔

جناب چیئرمین : کورم پورا نہیں ہے تو گھنٹی بجا دیتے ہیں ۔

قاضی عبداللطیف : میری ایک تحریک التواء تھی ڈیرہ اسماعیل خان میں گرفتاریوں کے متعلق، وہ انتہائی اہم تھی لیکن آج مجھے وہ واپس بھجوائی گئی ہے ۔ جب کہ وہاں تقریباً ۸۰ کے قریب گرفتاریاں ہو رہی ہیں ۔ چالیس کے قریب پتہ چلا تھا کہ وہ گرفتار ہو چکے ہیں ۔ ۳۸ کے متعلق معلوم ہوا تھا کہ مزید گرفتار ہوتے والے ہیں ۔ آخر اتنی اندھا دھند پکڑ دھکڑ ایک شہر یا علاقے کے اندر ہوئی ہے تو میں گزارش کروں گا کہ اگر آپ مہربانی فرمائیں تو میں یہ تحریک التواء دوبارہ دے دیتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : قاضی صاحب آپ کا فرمانا صحیح ہے لیکن یہ بالکل ہی صوبائی معاملہ ہے اور اس میں میرا کوئی اختیار نہیں ہے ۔

قاضی عبداللطیف : میں دیکھ رہا ہوں کہ صوبائی معاملات پر یہاں بحث ہو رہی ہے۔

( مداخلت )

جناب چیئرمین : اگر آپ اس کی مزید تشریح چاہتے ہیں تو میرے چیمبر میں تشریف لائیں پھر آپ کو سمجھا دیں گے۔

قاضی عبداللطیف : کراچی کا معاملہ بھی صوبائی ہوتا ہے۔ حیدرآباد کا معاملہ بھی تو صوبائی تھا لیکن اس کے باوجود اسے ہم نے لیا ہے اور جب میری باری آئی تو پھر میں وہی عرض کروں گا۔

چو نوبت بمارسید آتش بجام کردند

جناب چیئرمین : یہ معاملہ نہیں ہے۔ وہاں پر گرفتاریاں ہوئی ہیں ایک خاص قانون کے تحت اور وہاں پر ۸۰ سے زیادہ آدمی مر گئے ہیں جس سے یہ قومی مسئلہ بن گیا ہے۔ اس میں مختلف فرقے ملوث ہیں۔ ethnic groups انوالو ہیں۔

قاضی عبداللطیف : بہرحال میری درخواست ہوگی کہ اگر آپ مہربانی فرمائیں تو میں اسے دوبارہ لے آؤں؟

جناب چیئرمین : جو رولز کے مطابق کام ہو اس میں آپ بے شک فرمائیں۔ لیکن جو رولز کے خلاف ہو اسے میں کسی

[Mr. Chairman]

صورت میں نہیں مان سکتا۔ گھنٹی بجا دیں، کہتے ہیں کہ کورم پورا نہیں ہے۔

Let us see the quorum.

(کورم کے لئے گھنٹی بجائی گئی)

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اس معاملے کو چھوڑ ہی دیتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری : جی چھوڑ ہی دیں۔

**Mr. Chairman :** We drop this item No. 7 on the Orders of the Day with the consent of the Mover. So, this brings us to the end of the day. The House stands adjourned to meet again on Saturday, 13th of August, 1988, at 5.45 P.M. Thank you.

---

*[The House adjourned to meet again at five forty five of the clock in the evening on Saturday, the 13th of August, 1988].*

---

PCPPK–Litho/2208/88-89/Senate– 4-6-92–300 Books.